Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعۃ المبارک، 23 فروری 2024ء، 12 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 277

پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی ٹیم کیلئے 3 کروڑ روپے انعام کا اعلان

وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ہیڈ آفس کا دورہ، پوری ٹیم کو اعلیٰ کارکردگی پر شاباش، گزشتہ 13 ماہ میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کیں

ٹیم کیلئے 3 کروڑ روپے کے خصوصی انعام کا اعلان، عملی اقدامات پر ہی عوام مطمئن ہوتے ہیں، پی آئی ٹی بی ایک صوبائی یا قومی سطح کا ادارہ نہیں، انٹرنیشنل لیول کا ادارہ ہے، وزیر اعلیٰ محسن نقوی

وفاقی محتسب برائے انشورنس ڈاکٹر خاور جمیل چوتھی سالانہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) ویلڈن پی آئی ٹی بی ٹیم ویلڈن، وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے ارفع کریم سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور پی آئی ٹی بی کے چیئرمین فیصل یوسف اور ان کی پوری ٹیم کو اعلیٰ کارکردگی پر شاباش دی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے گزشتہ 13 ماہ میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور عوام کی (بقیہ نمبر 32)

اڈیالہ جیل انتظامیہ کا بشریٰ بی بی کو جیل منتقل کرنے سے انکار

جیل میں جگہ کم ہے، 250 خواتین پہلے ہی جیل میں قید ہیں، جیل انتظامیہ

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی رپورٹ سے عدالت کچھ مطمئن نہیں، وکیل بشریٰ بی بی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ کیس میں سزا یافتہ سابق وزیر اعظم و بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بنی گالا سب جیل سے اڈیالہ جیل منتقلی کی درخواست پر اڈیالہ جیل انتظامیہ نے سابق (بقیہ نمبر 33)

قومی بچت اسکیموں کے شرح منافع میں کمی

اسپیشل سیونگ سرٹیفکیٹ کا شرح منافع کم کر کے پہلے 6 ماہ کیلئے 15.6 فیصد مقرر

کراچی (این این آئی) نگران حکومت کی جانب سے مختلف قومی بچت اسکیموں کے شرح منافع میں کمی کر دی گئی ہے۔ نیشنل سیونگز پاکستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اسپیشل سیونگ سرٹیفکیٹ کا شرح منافع کم کر (بقیہ نمبر 36)

32 سرکاری دکانیں کروڑوں روپے کی نادہندہ نکلیں

ایک ہفتے میں واجبات کی عدم ادائیگی پر دکانیں سیل کرنے کے احکامات، نوٹس جاری

رائے ونڈ (این این آئی) 32 سرکاری دکانیں کروڑوں روپے کی نادہندہ نکلیں، ایک ہفتے میں واجبات کی عدم ادائیگی پر دکانیں سیل کرنے کے احکامات، نوٹس جاری کر دیئے گئے ۔تفصیلات کے مطابق رائے (بقیہ نمبر 35)

4 ہفتوں میں 7 لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کا حکم

عدالت کی لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کے لیے ماڈرن ڈیوائسز اور جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لینے کی بھی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 4 ہفتوں کا میں 7 لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں طویل عرصے سے 7 لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ بار (بقیہ نمبر 34)

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کا نگران کابینہ، وزیر اعظم آفس اور ہاؤس کے تمام افسران اور سٹاف کے تعاون پر اظہار تشکر

پاکستان میرے لئے سب کچھ ہے

نگران وزیر اعظم

نگران حکومت کے مختصر وقت میں کابینہ نے بہترین کارکردگی دکھائی، ہم ملکی معیشت کو پہلے سے بہتر حالت میں چھوڑ کر جا رہے ہیں، نگران وزیر اعظم

نگران حکومت کے تمام فیصلوں اور پالیسی سازی میں ملکی مفاد کو ہمیشہ اولین ترجیح دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں پاکستان کے ترقی و استحکام کے لئے مل کر کام کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے مختلف اداروں کی تنظیم نو، بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروبار کو سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے نگران حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیفٹی فاروق ملک کی ڈیپوٹیشن بطور ڈائریکٹر جنرل، فنانشل مانیٹرنگ یونٹ کی مدت میں 8 جون 2024 تک توسیع دینے اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کو پاکستان اور ترکیہ کی مسلح افواج کے مابین (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ساتھ پاکستان ٹیکس بار کے صدر انور کاش کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد کا گروپ فوٹو

ملک معاشی وژن سے چلتا ہے، سلائی مشینوں کی کمائی سے نہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ علیمہ خان کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ان کے نالائق بھائی اور بھابی کے کونسے کارنامے زبان زد عام ہیں (بقیہ نمبر 38)

لاہور ہائیکورٹ نے ادویات کی قیمتوں کے تعین کا نوٹیفکیشن معطل

جسٹس شاہد کریم نے حکومت سمیت فریقین سے جواب طلب کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نگران حکومت کی جانب سے جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد روکنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے ادویات کی قیمتیں فارماسوٹیکل کمپنیز کو مقرر کرنے کا اختیار دینے کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے عملدرآمد روکنے کا حکم دے دیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 37)

9 مئی مقدمات، اسد عمر کی عبوری ضمانت خارج

جب ہمارے بھائی کو ضرورت تھی آپ لوگ چھپے ہوئے تھے، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں کمرہ عدالت میں مسرت جمشید چیمہ پر برس پڑیں

مسرت چیمہ نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو ملاقات میں اپنے اور خاوند پر درج مقدمات، روپوش ہونے کے دوران تکالیف سے آگاہ کیا

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی جبکہ اسد عمر کی عبوری ضمانت عدم پیروی کی بناء پر خارج کر دی گئی ۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج ارشد جاوید نے کیس پر سماعت کی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنیں علیمہ خان اور عظمیٰ خان عدالت کے روبرو پیش ہوئیں ۔ عدالت نے (بقیہ نمبر 45)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین کے اہل خانہ کے مسائل سن رہے ہیں

معاشی استحکام لانا صرف ہمارا ایجنڈا نہیں سب کا ایجنڈا ہے

پیپلز پارٹی والے اگر وزارت عظمیٰ کا ووٹ دے رہے ہیں تو ہم سے صدارت کا ووٹ لے بھی رہے ہیں، رانا ثنا اللہ

مخلوط حکومت کے ہر فیصلے کے ذمہ دار سب ہوں گے، بلاول بھٹو کوئی بھی وزارت لینا نہیں چاہتے، صدر مسلم لیگ (ن) پنجاب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی وزارتیں لے یا نہ لے وہ ہمارے ساتھ ہے۔ پیپلز پارٹی والے اگر ہمیں وزارت عظمیٰ کا ووٹ دے رہے ہیں تو ہم سے صدارت کا ووٹ لے بھی رہے ہیں، اگر کوئی حکومت بنانا چاہتا ہے تو نمبرز پورے کرے اور بنالے۔ ایک انٹرویو میں پیپلز پارٹی کی حکومت میں شمولیت سے ہچکچاہٹ سے متعلق سوال کے جواب میں رانا

تیر اور شیر کے درمیان یہ شادی تیسری قوت نے زبردستی کروائی ہے

جے یو آئی کا پیغام واضح ہے فی الحال تو پارلیمنٹ جائیں گے، حافظ حمد اللہ

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ تیر اور شیر کے درمیان یہ شادی بالجبر ہے تیسری قوت نے (بقیہ نمبر 52)

ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سوشل میڈیا پر کسی کو ججز کی تضحیک نہیں کرنے دی جائیگی، مرتضیٰ سولنگی

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو جھوٹ، ہراساں کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، متعلقہ کمپنیوں کو اس معاملے کو روکنا ہوگا

سوشل میڈیا کو پروپیگنڈے کیلئے استعمال کرنے اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے

تمام قانونی معاملات عدالتوں میں طے ہوں گے، کسی کو دین کے نام پر انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مرتضیٰ سولنگی اور معاون خصوصی مولانا طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ کچھ لوگ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو تشدد پر اکسانے کیلئے استعمال کر رہے ہیں، سوشل میڈیا پر کسی کو ججز کی تضحیک نہیں کرنے دی جائیگی، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو جھوٹ، ہراساں کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، متعلقہ کمپنیوں کو اس معاملے کو روکنا ہوگا، سوشل میڈیا کو (بقیہ نمبر 46)

معروف تجزیہ نگار و کالم نویس نذیر ناجی نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک

لاہور (این این آئی) معروف تجزیہ نگار و کالم نویس نذیر ناجی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نذیر ناجی کی نماز جنازہ جوہر ٹاؤن میں ادا کی گئی جس میں میاں عامر محمود، نومنتخب ایم این اے ملک سیف الملوک کھوکھر سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ بعدازاں انہیں لاہور کے علاقے جوہر ٹاؤن کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ یاد رہے کہ نذیر ناجی بدھ کی شب انتقال (بقیہ نمبر 42)

اڈیالہ جیل انتظامیہ کا بشریٰ بی بی کو جیل منتقل کرنے سے انکار

جیل میں جگہ کم ہے، 250 خواتین پہلے ہی جیل میں قید ہیں، جیل انتظامیہ

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی رپورٹ سے عدالت کچھ مطمئن نہیں، وکیل بشریٰ بی بی کی گفتگو اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ (بقیہ نمبر 40)

سکولز، کالجز میں ماحولیات سے آگاہی کا پیریڈ رکھنے کا حکم

لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ کے تدارک کیلئے دائر درخواستوں کا تحریری حکم جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ کے تدارک کے لیے دائر درخواستوں کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے اسموگ کے تدارک کے لیے دائر درخواستوں پر گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کیا۔ عدالت نے تمام سکولز اور کالجز (بقیہ نمبر 41)

لاہور و گردونواح میں 13 ماہ کے دوران قتل کی 573 وارداتیں رپورٹ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور اور گردونواح میں کرائے کے قاتلوں (شوٹرز) کے ذریعے قتل و غارت کا سلسلہ خطرناک حد تک بڑھنے لگا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گزشتہ 13 ماہ کے دوران لاہور و گردونواح میں قتل کی 573 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ذرائع (بقیہ نمبر 47)

اس حکومت کی کیا ساکھ ہوگی جو ہمارے لوگوں کو ڈال کر بنائی جائے، اسد قیصر

میاں اسلم اقبال کو پشاور ہائی کورٹ نے ضمانت دی پھر بھی پنجاب پولیس گرفتاری کیلئے پہنچی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ اس حکومت کی کیا ساکھ ہوگی جو ہمارے لوگوں کو لالچ اور دباؤ ڈال کر بنائی جائے، ہم چاہتے ہیں کہ ملک آئین اور قانون کے مطابق چلے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا (بقیہ نمبر 53)

صدر آئی سی سی آئی احسن بختاوری چیمبر کے دورہ کے موقع پر سعودی عرب کے الشاق ٹریڈنگ ایسٹ کمپنی کے جنرل منیجر فاضل عبداللہ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

محکمہ بہبود آبادی پنجاب اور گرین سٹار کے باہمی تعاون سے پنجاب میں

سماجی رویے کی تبدیلی مواصلاتی سربراہی اجلاس کا انعقاد

سربراہی اجلاس کا موضوع "خاندانی منصوبہ بندی اوراس کے آگے"(family planning and beyond"

آبادی کا ایٹم بم پھٹ چکا ہے، کسی سابقہ حکومت نے بہبود آبادی اور ماحولیات کے شعبوں پر توجہ نہیں دی

علماء بہبود آبادی کے خلاف نہیں، سیاست دان جو کام نہ کر سکیں اس کی ذمہ داری دوسروں پر ڈال دیتے ہیں

اسلامی نظریاتی کونسل نے فیملی پلاننگ کو جائز قرار دے دیا ہے، نئی حکومت سے ان شعبوں پر خصوصی توجہ دینے کی سفارش کریں گے

نو بیاہتا عورت سے بار بار بچے کی پیدائش کے بارے میں سوال کرنا نفسیاتی مسائل کا باعث بنتا ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ بہبود آبادی پنجاب اور گرین سٹار کے باہمی تعاون سے پنجاب میں سماجی رویے کی تبدیلی مواصلاتی سربراہی اجلاس کا انعقاد مقامی ہوٹل میں ہوا۔ اس سربراہی اجلاس کا موضوع "خاندانی منصوبہ بندی اور اس کے آگے (family planning and beyond (SBCC) تھا۔ سمٹ میں مہمان خصوصی نگران وزیر پرائمری ہیلتھ و (بقیہ نمبر 43)

محکمہ بہبود آبادی پنجاب اور گرین سٹار کے باہمی تعاون سے پنجاب میں سماجی رویے کی تبدیلی مواصلاتی سربراہی اجلاس میں مہمان خصوصی نگران وزیر پرائمری ہیلتھ و بہبود آبادی ڈاکٹر جمال ناصر کے ہمراہ سیمینار کے شرکاء کا گروپ فوٹو، محترمہ ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر بھی موجود ہیں

ایم کیو ایم نے وفاق میں 4 وزارتیں اور سندھ کی گورنر شپ مانگ لی

ایم کیو ایم ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا عہدہ لینا چاہتی تھی، ذرائع

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے مسلم لیگ (ن سے وفاقی کابینہ میں تین سے چار وزارتوں کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 48)

عقیدہ ختم نبوت پر سیاست بہت بڑا جرم ہے، طاہر محمود اشرفی

جس نے بھی کلمہ پڑھا وہ عقیدہ ختم نبوت کا چوکیدار ہے، معاون خصوصی وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) نگران وزیر اعظم کے معاون خصوصی طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت پر سیاست بہت بڑا جرم ہے، ابہام دور کر کے انتشار (بقیہ نمبر 49)

اس ملک میں آئین کی کوئی حیثیت نہیں، مولانا فضل الرحمن

ہمارے ملازمین کی حاکمیت ہے، ہم اس نظام کے ساتھ کس طرح چلیں گے، سربراہ جے یو آئی

آئین کاغذ کے چند ورقوں کے مجموعے کا نام ہے جس کی کوئی حیثیت نہیں، جمہوریت اپنا مقدمہ ہار رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اس الیکشن میں ہماری اسٹیبلشمنٹ نے پاکستان کی 75 سالہ تاریخ کے کرپشن کے ریکارڈ توڑ دیئے، اس ملک آئین کی کوئی حیثیت نہیں، آئین کاغذ کے چند ورقوں کے مجموعے کا نام ہے، یہاں تو حاکمیت اعلیٰ ہماری پارلیمنٹ کی بھی نہیں ہے، ہمارے ملازمین کی حاکمیت ہے، ہم اس نظام کے ساتھ کس (بقیہ نمبر 54)

مینیجنگ ڈائریکٹر اے پی پی عاصم کچھی صاحب فاؤنڈیشن یونیورسٹی میں CPEC کے ذریعے علاقائی رابطے میں پاکستان کے میڈیا کے کردار پر اظہار خیال کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کا ٹریفک حادثے میں جانی نقصان پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے لودھراں کے علاقے دنیا پور کے قریب ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے جاں بحق (بقیہ نمبر 55)

وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کا الوداعی اجلاس آج طلب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کا الوداعی اجلاس آج (جمعہ 23 فروری) کو طلب کر لیا۔ اجلاس وزیر اعلیٰ آفس کے کمیٹی روم میں ہوگا۔ یہ پنجاب کابینہ کا 42 واں اجلاس ہو گا۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 56)

نگران وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم مختلف نمائشی سٹالز کا دورہ کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ محسن نقوی سے امریکہ اور ترکیہ کے قونصل جنرل کی ملاقاتیں

قونصل جنرل کی چیئرمین پی سی بی منتخب ہونے پر محسن نقوی کو مبارکباد دی، پی ایس ایل کا میچ دیکھنے کی دعوت

محسن نقوی کی قیادت میں پنجاب کی ٹیم نے ڈیلیور کیا، امریکی قونصل جنرل، ڈپلومیٹک انکلیو میں قونصلیٹ کیلئے اراضی کیلئے اقدامات اور ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن کے پروگرام کو سراہا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی الوداعی ملاقاتیں جاری رہیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی سے امریکی قونصل جنرل کرسٹن ہاکنز اور ترکیہ کی قونصل جنرل درمش باشتو نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ امریکی قونصل جنرل اور ترکیہ کے قونصل جنرل نے وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو پی سی بی کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے امریکی قونصل جنرل اور ترکیہ کے قونصل جنرل کو پی ایس ایل 9 کا میچ دیکھنے کی دعوت دی۔ امریکی قونصل جنرل نے وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو کرکٹ بال کا تحفہ دیا اور پی ایس ایل 9 کے انعقاد کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 44)

امریکی قونصل جنرل کرسٹن ہاکنز ملاقات کے موقع پر وزیر اعلیٰ محسن نقوی کو تحفہ پیش کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن 3 مارچ کو ہوں گے

بانی تحریک انصاف نے بیرسٹر علی ظفر کو پارٹی چیئرمین کا امیدوار نامزد کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے بیرسٹر علی ظفر کو پارٹی چیئرمین کا امیدوار نامزد کر دیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے بتایا کہ عمر ایوب پی ٹی آئی کے جنرل سیکریٹری کے امیدوار ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن 3 مارچ کو ہوں گے، پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 50)

لاہور، مختلف واقعات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے

ٹاؤن شپ میں 20 سالہ نوجوان کھمبے سے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوا

لاہور (این این آئی) شاہدرہ ٹاؤن، ٹاؤن شپ مختلف واقعات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق شاہدرہ ٹاؤن، شاہدرہ ریلوے اسٹیشن کے قریب 40 سالہ نابینا شخص ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہوا ۔ 40 سالہ نابینا شخص کی شناخت فرید ولد محمد شبیر کے نام سے ہوئی جو کہ چکوال کا رہائشی تھا۔ جبکہ ٹاؤن شپ کے علاقہ (بقیہ نمبر 51)

مشعال ملک کا یاسین ملک کو غیر قانونی حراست میں 5 سال مکمل ہونے پر خراج تحسین

انقلابی کشمیری رہنما آزادی پسندوں کے لیے ایک مشعل راہ ہیں۔ مشعال ملک

کنن پوش پورہ اجتماعی عصمت دری کے المناک واقعہ کی بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے جدوجہد آزادی کشمیر کی سب سے پائیدار آواز محمد یاسین ملک کو بھارتی جیلوں میں غیر قانونی قید کے پانچ سال مکمل ہونے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یاسین ملک بھارتی غلامی کے طوق کو توڑنے کے لیے جدوجہد کرنے والے کشمیری عوام کے لیے مشعل راہ ہیں۔ یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے جمعرات کو ایک بیان میں کہا کہ انقلابی یاسین ملک کو سفاک بھارتی فورسز نے 2019 میں آج ہی کے دن ان کی رہائش گاہ سے حراست میں لیا تھا اور انہیں پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت جموں جیل بھیج دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مئی کے آخر میں انہیں دہلی کے بدنام زمانہ تہاڑ جیل منتقل کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ فاشسٹ بھارتی حکومت نے کشمیر کی جدوجہد آزادی کی سب سے طاقتور آواز کو خاموش کرنے کے لیے انہیں دہشت گردی کے جعلی، غیر سنجیدہ اور من گھڑت مقدمات میں پھنسایا۔ مشعال ملک نے مزید کہا کہ دہلی کی (بقیہ نمبر 57)

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

محکمہ بہبود آبادی پنجاب کے ماتھے کا جھومر

پاپولیشن ویلفیئر پنجاب چھوٹے خاندان کی اہمیت کی آگاہی بارے پیش پیش

سماجی رویے کی تبدیلی بارے ایس بی سی سی کا اہم مواصلاتی سربراہی اجلاس



تحریر۔ محمد ناظم الدین

مواصلات کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کا سماجی رویے میں تبدیلی وقت کا اہم تقاضا، یونیورسٹی کے طلباء اور نوجوان جوڑوں کو چھوٹے خاندان کے بارے آگاہی کی فراہمی

محکمہ بہبود آبادی اور گرین سٹار طلباء اور نوجوان جوڑوں کو چھوٹے خاندان کی اہمیت بارے پیش پیش، جدید مانع حمل ادویات کے بڑھتے ہوئے استعمال سے لے کر صنفی مساوات کو فروغ دینے کے حصول میں ایک اہم کردار

ایس بی ماڈل کو مضبوط بنانے کی کثیر الجہتی حکمت عملی کے ذریعے مقاصد کا حصول، مستقل ترقی، نئی تعریف، جدت اور سب سے اہم بات بین الضابطہ مکالمے کے میدان کی طرف اشارہ

ایس بی سی سی سمٹ: فیملی پلاننگ اینڈ بیونڈ، دو روزہ سربراہی اجلاس کا انعقاد لاہور کے مقامی ہوٹل میں ہوا۔ طے شدہ، خاندانی منصوبہ بندی کے دائرے میں سماجی اور طرز عمل میں تبدیلی کی کمیونیکیشن (SBCC) کی حکمت عملیوں کی ایک جامع تحقیق کا وعدہ کرتا ہے۔ سماجی رویے کی تبدیلی مواصلاتی سربراہی اجلاس کی میزبانی پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے گرین اسٹار سوشل مارکیٹنگ (TCI-GSM) کے تعاون سے کی۔ اس سربراہی اجلاس کا بنیادی اور مقصد ہدف (SBCC سوشل اور رویے میں تبدیلی کی کمیونیکیشن) کے اقدامات کو آگے بڑھانا ہے، خاص طور پر پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کے فیلڈ تعارف پر توجہ مرکوز کرنا ہے، جس کی مالی اعانت ورلڈ بینک سے کی جاتی ہے۔ اس پروگرام کا مقصد SBCC کے اصولوں اور حکمت عملیوں پر عمل کرتے ہوئے، فیلڈ آپریشنز کو بڑھانا اور خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے عوامی بیداری کو تیزی سے آگے بڑھانا مقصود ہے۔

محکمہ بہبود آبادی پنجاب اور گرین سٹار کے باہمی تعاون سے پنجاب میں سماجی رویے کی تبدیلی مواصلاتی سربراہی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اس سربراہی اجلاس کا موضوع ''خاندانی منصوبہ بندی اور اس کے آگے''(family planning and beyond SBCC) تھا۔ اجلاس کی صدارت نگران صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ نے کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے کے علاوہ دیگر شرکاء کرام اور محکمہ تعلقات عامہ کے افسران و میڈیا کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ گرین سٹار کی طرف سے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عزیز الرب، چیف آف پارٹی غضنفر عباس، ڈپٹی چیف آف پارٹی عالیہ حبیب، پراونشل لیڈ پنجاب

ڈاکٹر اسلم باجوہ نے نمائندگی کی۔ افتتاحی اجلاس حکومت پنجاب کی طرف سے خیرمقدمی نوٹ محترمہ ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پیش کیا۔ اس موقع پر حکومت کی طرف سے ایک کلیدی سیشن بھی ہوا۔ جس میں ایس بی سی سی اور فیملی پلاننگ پر پینل ٹاک، ایڈیشنل سیکرٹری پی ڈبلیو ڈی ڈاکٹر نائلہ الطاف کی طرف سے پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کا تعارف، اور اسٹاپ ٹی بی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر لوسیکا ڈِٹو کا ایک روشن بین الاقوامی مقرر کا سیشن ہوا۔ گرین اسٹار سوشل مارکیٹنگ کے سی ای او ڈاکٹر عزیز الراب کی قیادت میں ایک ورکشاپ، ایس بی سی سی کی عملی ایپلی کیشنز پر بھی غور کیا گیا۔ پینل ڈسکشن میں ماہرین کی ایک متنوع صف کو بلایا گیا تاکہ ایس بی سی سی اور فیملی پلاننگ کے سلسلے کو تلاش کیا جاسکے۔ حنا ریاض کے زیر انتظام، پینل نے متحرک جس کا مقصد FP کے نتائج میں ٹھوس بہتری لانے کے لیے SBCC کے اختراعی طریقوں کو تلاش کیا گیا۔ دوسرے روز پی ڈبلیو ڈی کے ڈائریکٹر جنرل کی جانب سے ایس بی سی سی حکمت عملی کی ترقی پر ایک ورکشاپ کا انعقاد ہوا، جس کے بعد ایس بی سی سی پر ڈیجیٹل میڈیا کے اثرات پر ایک متحرک پینل بحث ہوئی۔ اس سیشن کی پی ڈبلیو ڈی کے میڈیا ایڈوائزر جناب احسن فاروقی نے نظامت کی۔ معزز مقررین SBCC اور فیملی پلاننگ (FP) کے چوراہے پر عصری مسائل سے نمٹنے کے لیے بصیرت اور حکمت عملی کا اشتراک کیا گیا۔ احتشام عباس کی جانب سے ایس بی سی سی کے اقدامات کو درپیش چیلنجوں کی کھوج، خوبیاب کیانی نے ایف پی کے نتائج میں صنفی حرکیات کے کردار کا جائزہ لیا، اور ڈاکٹر اولوکوٹلی اوموتوسو کی وکالت کی حکمت عملیوں کے بارے میں بصیرت کے ساتھ اختتام سمٹ کے ایک جامع فریم ورک ایک وعدے کے ساتھ کیا گیا جس میں اختراعی طریقوں کے ذریعے FP کو فروغ دینے کی پیچیدگیوں کو مستقبل میں کیسے دور کیا جاسکے گا۔ دونوں دنوں کے دوران، شرکاء SBCC اور خاندانی منصوبہ بندی کے مختلف پہلوؤں پر بصیرت انگیز پیشکشوں کی توقع کی گئی جس کا اختتام ایک اختتامی تقریب، ایوارڈز کی تقسیم، اور ضروری مواد اور تحقیقی مقالوں کی تقسیم پر ہوا۔

دنیا بھر میں زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے سماجی اور رویے میں تبدیلی کی ترغیب دینے کے لیے مواصلات کا استریٹجک استعمال ہے۔ جدید مانع حمل ادویات کے بڑھتے ہوئے استعمال سے لے کر صنفی مساوات کو فروغ دینے، آب وہوا کے بحران کے اہم مسئلے سے نمٹنے کے لیے پائیدار کے حصول میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ترقی کے اہداف کے حصول اور پائیدار تبدیلی کے حصول کے لیے تخلیقی صلاحیتوں، تکنیکی مہارت اور جدت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سماجی اور رویے میں تبدیلی مواصلات کبھی بھی زیادہ اہم نہیں رہی۔ مختلف موقع کے طرز عمل کی مداخلت نے عوام اور پالیسیوں کی توجہ نہ صرف زندگیوں کو بچانے اور معاش کو بہتر بنانے میں سماجی اور رویے میں تبدیلی کے کردار کی طرف مبذول کرائی ہے، بلکہ یہ بھی کہ نئے رویوں اور رویوں کو متعارف کرانے میں کیا کام کرتا ہے۔ ماحولیاتی بحران سے لے کر صنفی مساوات، صحت کی تفاوت، دولت کی عدم مساوات، نسلی انصاف اور انسانی ہمدردی کی کارروائیوں تک اہم عالمی

مسائل پر روشنی ڈالی۔ اس سمٹ کا مقصد انفرادی رویے کی تبدیلی کو تلاش کرنا تھا اور ساتھ ہی رویے اور سماجی تبدیلی کے ساختی تعین کرنے والوں کو حل کرنا تھا۔ اس تقریب میں سماجی تحریکوں کو فروغ دینے اور تبدیلی کے لیے نئی آوازوں کو بڑھانے کی بھی کوشش کی گئی۔ مستقل ترقی، نئی تعریف، جدت اور سب سے اہم بات بین الضابطہ مکالمے کے میدان کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ سمٹ جیسے عالمی واقعات سیکھنے، اشتراک کرنے، بحث کرنے اور ایک فیلڈ کے طور پر تیار کرنے کے اہم مواقع فراہم کرتے رہیں گے، جس پر بھرپور توجہ مرکوز کی جائے گی۔ سربراہی اجلاس اور یہ مقالے دنیا بھر میں سماجی اور طرز عمل میں تبدیلی کی حمایت کرنے کی ہماری کوششوں میں مواصلاتی عمل کی مرکزیت، جامع مشغولیت، مقامی ثقافت اور انسانی حقوق کو تقویت دیتے ہیں۔ تفریحی تعلیم کے ذریعے SBCC کے اقدامات کے پائیدار کردار پر زور دیا گیا۔ نوجوان بالغوں کے درمیان شہری مصروفیت کو مضبوط کر کے دیگر سماجی مسائل کو حل کرنے کے لیے ایک قابل توسیع پلیٹ فارم فراہم کیا۔ پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کا گرین سٹار کے ساتھ یونیورسٹی کے طلباء اور نوجوان جوڑوں کو صحت مندانہ سہولیات کی فراہمی اور ان کے رویے میں تبدیلی کا سفر بہت طویل ہے۔ یہ شراکت داری ایک پائیدار رشتے میں پروان چڑھی ہے، جو پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی میں تیزی سے نمٹنے کے لیے سماجی اور رویے میں تبدیلی کے مواصلات کے مؤثر نفاذ کے ذریعے محروم کمیونٹیز کی خدمت انجام دے رہی ہے۔ پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ کے تعاون سے صوبہ بھر میں گرین سٹار اس وقت تین پراجیکٹس پر تیزی سے عمل درآمد کر رہا ہے تاکہ یونیورسٹی کے طلباء اور نوجوان جوڑوں میں خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں معلومات، مثبت رویوں اور طرز عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ ان مداخلتوں کو کمیونٹی پر مبنی مرد اور خواتین کمیونٹی ایجوکیٹرز (ستارہ باجی اور ستار بھائی) کی حمایت حاصل ہے جو PPIF کے مقصد کے لیے کام کر رہے ہیں تاکہ FP کی ضرورت پوری نہ ہونے والی خواتین کے تناسب اور تعداد کو کم کیا جا سکے، خاص طور پر جو کہ 15 سال کی عمر کے گروپ میں گر رہی ہیں۔ 29 سال مجوزہ مداخلتیں FP اپٹیک کے لیے ڈیمانڈ سائیڈ رکاوٹوں کو دور کر رہی ہیں یعنی محدود معلومات اور FP طریقوں کے بارے میں درست اور مکمل معلومات کو یقینی بنانے کیلئے ضمنی اثرات کا خوف، کے خاتمہ کے لئے سرگودھا اور اوکاڑہ اضلاع کی ٹارگٹ کمیونٹیز کو SBCC ٹولز جیسے Edutainment، انفرادی اور گروپ سیشنز کا استعمال کرتے ہوئے خرافات اور غلط فہمیوں کو دور کرنے کیلئے مختلف کرداروں پر مبنی ویڈیو کے ذریعے تعلیم دے کر ان کے شعور کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔

سماجی موبلائزیشن ماڈل بنیادی نقطہ نظر کے طور پر کام کرتا ہے جسے گرین اسٹار نے پائیدار رویے میں تبدیلی لانے کے لیے استعمال کیا ہے۔ اس ماڈل کے مرکز میں گرین سٹار کی ستارہ باجی ہیں جو صحت کی دیکھ بھال تک رسائی اور استعمال میں خلاء کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی نظر آتی ہیں۔ وہ کمیونٹی کو علم کے ساتھ بااختیار بنانے اور مکمل معلومات فراہم کر کے انہیں صحت مند طرز عمل اپنانے کی ترغیب دے کر انہیں اپنی صحت اور تندرستی کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کے لیے ایک قابل ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔

ایس بی ماڈل کو مضبوط بنانے کی کثیر الجہتی حکمت عملی کے ذریعے مقاصد حاصل کیے جا رہے ہیں جس میں ایس بی ہیلتھ ہاؤس کے طور پر کام کرنے کے لیے ایس بی ہوم میں ایک ہی کمرے کی اپ گریڈیشن شامل ہے، جو کہ نجی شعبے میں ایک اختراع ہے جس کے نتیجے میں اہل جوڑوں کے لیے کونسلنگ آؤٹ لیٹ، SB کے مالیاتی ماڈل کے دائرے میں اشیاء حاصل کرنے اور نجی یا سرکاری شعبے کے خدمات فراہم کرنے والوں کے لیے اگر ضرورت ہو تو حوالہ جات کے حصول کیلئے اس کی حمایت کمیونٹی پر مبنی سرگرمیوں جیسے خاندانوں کے ساتھ ون ٹو ون بات چیت، اسٹریٹ تھیٹر، کمیونٹی کے اجتماعات، اور ہوم وزٹ کے ذریعے بھی کی گئی ہے۔

مذکورہ بہبود آبادی کا تعاون یافتہ اقدام مردانہ فراہم کنندگان کے ایکو سسٹم کے قیام کے ذریعے طلب اور رسد کو مربوط کرتا ہے جس میں ایف ایم سی جی آؤٹ لیٹس اور فارمیسی شامل ہیں تاکہ مردوں کو براہ راست مشاورت اور

اجناس (کنڈوم) فراہم کیا جاسکے، اور خواتین فراہم کنندگان کو خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے آگے کی فراہمی بھی کی جاسکے۔ ستار بھائی کونسلنگ بھی کر رہے ہیں اور شادی شدہ نوجوانوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات فراہم کر رہے ہیں۔

خود کی پہچان، پہلا منصوبہ پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ (PPIF) کے تعاون سے جنسی اور تولیدی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی سمیت حقوق کو بہتر بنانے کا ایک اور جدید منصوبہ ہے۔ پروگرام کے ڈیزائن میں پنجاب کی 30 سرکاری اور نجی یونیورسٹیوں اور کالجوں میں 600 ماسٹر ٹرینرز کو تربیت دینا شامل ہے۔ ماسٹر ٹرینرز یونیورسٹی کے 12000 نوجوانوں کو شادی سے پہلے کی مشاورت، خاندانی منصوبہ بندی، جدید مانع حمل ادویات، جنسی اور تولیدی صحت اور حقوق (SRHR)، اور صنفی بنیاد پر تشدد کے بارے میں مزید تربیت دیں گے۔ اپنے اہداف کو حاصل کرنے اور آبادی کے استحکام کے وژن کو حاصل کرنے کے لیے اپنی حکمت عملی کے ایک حصے کے طور پر، پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب مختلف سرکاری اور نجی شعبے کی تنظیموں، این جی اوز، اور کارپوریٹ سیکٹر کے ساتھ شراکت داری اور تعاون کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے، جو تولیدی صحت اور خاندان کے مقصد کو فروغ دینے کے لیے تیار ہیں۔

شراکت دار تنظیمیں PWD کے ذریعہ سروس ڈیلیوری آؤٹ لیٹ (SDO) کھولنے کے لیے اپنے موجودہ انفراسٹرکچر کے اندر رہائش فراہم کرکے، لاجسٹکس میں معاونت فراہم کرکے، خاندانی منصوبہ بندی کے کلائنٹس کو SDOs کے پاس بھیج کر، اور اس کے ساتھ ایم او یوز میں داخل کرکے محکمے کے ساتھ اپنی صلاحیتوں میں تعاون کرتی ہیں۔ دوسری طرف محکمہ اپنے عملے، طبی عملے اور طبی عملے کو مانع حمل ٹیکنالوجی اور آبادی کی حرکیات کی مفت تربیت فراہم کرتا ہے۔ مانع حمل ادویات ان شراکت داروں کے آؤٹ لیٹس کو مانگ کے مطابق فراہم کی جاتی ہیں۔

کچھ مخصوص سرگرمیوں ایسی ہوتی ہیں جن میں PWD کے FWCs کو کرائے کی عمارتوں سے دیہی صحت کے مراکز میں منتقل کرنے کے لیے رہائش کی فراہمی (محکمہ صحت کے ساتھ ایم او یو)، FWCs کے قیام کے لیے رہائش کی فراہمی، غیر محفوظ علاقوں میں مانع حمل موبائل سروس کیمپس کے انعقاد کے لیے ڈاکٹروں کی PWD کے ساتھ ٹیم بنانے کی فراہمی (Rahnuma FPAP، Marie Stopes Society کے ساتھ ایم او یو)، FP اور PHC کے لیے قومی پروگرام کے LHWs کے ذریعے FP کلائنٹس کا

حوالہ سے وہ شراکت دار جنہوں نے خدمات کے فعال انضمام اور خدمات کی فراہمی کو مضبوط بنانے میں تعاون کر رہے ہیں۔ آبادی کی منصوبہ بندی ایک قومی مسئلہ ہے اور اس پر اس وقت تک توجہ نہیں دی جاسکتی جب تک کہ تمام محکمے ترقی، منصوبہ بندی اور انتظام میں اس کے متغیرات کو مرکزی دھارے میں نہیں لایا جاتا ہے۔ لہٰذا پنجاب پاپولیشن پالیسی 2017 کا وژن بین شعبہ جاتی مربوط کوششوں کے بغیر پورا نہیں ہوسکتا۔ محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، سماجی بہبود، محنت اور انسانی وسائل، صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری، نوجوانوں کے امور، کھیل،

آثار قدیمہ اور سیاحت، اور محکمہ اوقاف جیسے تمام اسٹیک ہولڈر محکموں سے مدد طلب کر رہا ہے۔ مناسب صحت کی دیکھ بھال تک رسائی ہر شہری کا حق ہے اور ایک واضح صحت کی پالیسی کا اعلان کیا گیا ہے جس کا مقصد عالمی صحت کی کوریج کو یقینی بنانا ہے جس کے تحت تمام آمدنی والے گروپوں کو اعلیٰ معیار اور سستی حفاظتی، علاج اور بحالی صحت کی خدمات تک رسائی حاصل ہے۔ پبلک سیکٹر کا آبادی کے کم آمدنی والے طبقات کو مناسب قیمت پر صحت کی دیکھ بھال کی مناسب سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ہے جو کہ دوسری صورت میں اس سے محروم رہ سکتے ہیں۔ ایک موثر صحت کی پالیسی کا معاشی اور سماجی ترقی پر بھی طویل مدتی اثر پڑتا ہے۔ سب سے پہلے، ایک صحت مند افرادی قوت زیادہ پیداواری ہوتی ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی کی مناسب خدمات تک رسائی کو یقینی بنا کر آبادی میں اضافے کی شرح کو کم کرکے وسائل پر بوجھ کو کم کرتا ہے۔ حکومت نے تمام اضلاع میں مقامی آبادی کے لیے خصوصی دیکھ بھال، علاج اور ہنگامی خدمات کی رسائی اور قابل استطاعت کو یقینی بنانے کے لیے صحت کی دیکھ بھال کی درمیانی سطح پر نئی توجہ مرکوز کی ہے۔

بقیہ 1

کروڑوں روپے سالانہ کے اخراجات سے نہ صرف بچت ہوگی بلکہ انسانی جانوں کو بھی بروقت مقامی طور پر سرجن کی سہولیات حاصل ہونے کے باعث بچایا جاسکے گا۔

بقیہ 2

اور اس میں تمام ترمشینری کو جدید ترین شکل دی گئی ہے۔ ڈی سی جہلم نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کو جدید ترین طبی سہولیات فراہم کرنا ہمارا عزم ہے اور دوعشروں کے بعد آپریشن تھیٹر کی تزئین و آرائش اس بات کا ثبوت ہے۔

بقیہ 3

علیہ الصلوٰۃ والسلام کے موقع پر جشن کا کیک مرکزی امام بارگاہ باب العلم ڈگری کے بانیان زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی، زوار سید شہباز حیدر جعفری، زوار بابر علی عمرانی نے کاٹا، بابر عمرانی کاشف عمرانی اور معشوق خاصخیلی نے اپنے گھر کو خوبصورتی سے سجایا تھا اس پرمسرت موقع پر معشوق خاصخیلی نے بھی اپنی رہائش گاہ پر پروگرام منعقد کیا جس میں جشن کا کیک مرکزی امام بارگاہ باب العلم ڈگری کے بانیان زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی، زوار سید شہباز حیدر جعفری، مرکزی امام بارگاہ باب العلم ڈگری کے سرپرست اعلیٰ زوار سید نوید احمد شاہ بخاری نے کاٹا پروگرام میں اہل سنت برادران نے بڑی تعداد میں شرکت کی مومنین کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرتی ہوئی خوشی کا اظہار تھا اور ایک دوسرے سے گلے مل کر نعرے لگا کر خوشی میں جھوم رہے تھے، بابر عمرانی اور کاشف عمرانی، معشوق خاصخیلی ایڈوکیٹ انور خاصخیلی کے جانب سے نذرونیاز مٹھائیوں، فروٹ، کیک، ملک روز سبیلیو کا سلسلہ مسلسل جاری رہا

بقیہ 4

10 سال قید اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا فیصلہ سنا دیا، مجرم کو گزشتہ سال منشیات فروشی کے جرم میں گرفتار کیا گیا تھا، جہلم پولیس نے مجرم کو ٹریس کر کے گرفتار کیا اور ٹھوس شواہد کیساتھ چالان عدالت کیا اور مقدمہ کی موثر پیروی کی جس کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں جن کے خاتمے کے لئے بھرپور آپریشن جاری رہے گا۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے انوسٹی گیشن اور لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 5

گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں ضلعی پولیس، لیڈیز پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں 19 گھروں، 21 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور 157 افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 6

کران کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 7

جبکہ 74 فکس اور 24 ٹرانزٹ ٹیموں کی نگرانی کیلئے 223 ایریا انچارج اور 56 یونین کونسل مانیٹرنگ آفیسر بھی مصروف عمل رہیں گے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے اس حوالے سے خصوصی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع جہلم کو مکمل طور پر پولیو فری بنایا جائے گا اور اس مہم میں کوئی ایک بھی بچہ ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔

بقیہ 8

رہے گی۔ ایک انٹرویو دیتے ہوئے مفتاح اسماعیل نے کہا کہ شاہد خاقان عباسی پہلے ہی میاں محمد نواز شریف کو بتا چکے تھے کہ جب پارٹی مریم نواز کے حوالے کی جائے گی تو وہ پیچھے ہٹ جائیں گے۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ بے نظیر بھٹو بھی جب آئی تھیں تو جتنے انکلز تھے انہیں ہٹا دیا گیا تھا لہٰذا اس سے پہلے کہ مریم شاہد خاقان عباسی کو ہٹاتیں وہ خود ہی سائیڈ پر ہوگئے اور پارٹی چھوڑ دی۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ ان کی اور شاہد خاقان عباسی کی سیاسی سوچ ایک جیسی ہے اور وہ ساتھ ہوتے ہیں تاہم سابق گورنر سندھ محمد زبیر کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ وہ ان کے گروپ میں نہیں ہیں محمد زبیر کے پارٹی کے ساتھ تحفظات الگ ہیں اور ہمارے کچھ اور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود یہ تنازع اس لیے ہوگئے کہ سب سے بڑی جماعت کسی سے بات کرنے کو تیار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن 2018 پر پاکستان مسلم لیگ ن کو تحفظات تھے اور اب پاکستان تحریک انصاف کو ہیں۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ کچھ دن تو حکومت سازی میں لگتے ہیں لیکن اس بار یہ معاملہ کچھ زیادہ ہی طول پکڑ گیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ ن، پاکستان پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کو چاہیے کہ اس معاملے کو جلد از جلد نمٹائیں کیوں کہ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو یہ معیشت کے لیے نقصان دہ ہوگا۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ نئی حکومت کو سب سے پہلے تو آئی ایم ایف کے پاس جانا ہوگا مارچ میں آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ہوں گے حکومت کو چاہیے کہ ان کے ساتھ نیا اگریمنٹ کریں کیوں کہ یہ معیشت کے لیے بہت ضروری ہے، معاشی پالیسی کے لیے دوسری چیز مہنگائی کو کم کرنا ہے اور سب سے پہلے کچھ اخراجات کم کرنا پڑیں گے، کچھ شعبوں پر ٹیکس لگانا ہوگا جیسے کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر پر زراعت اور دوکان داروں پر بھی ٹیکس لگانا ہوگا اور تیسری چیز نجکاری کے عمل کو تیز کرنا ہوگا یہ وہ فیکٹرز ہیں جو صاحب یا خاتون اس پر ڈیلیور کر سکتے ہیں وہ ان کے معاشی ٹیم کے لیڈر ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر وہ اس حکومت کی معاشی ٹیم کا حصہ ہوتے تو سب سے پہلے عوام کو ریلیف دینے کا ادراک کرتے کہ ریلیف ہوتا کیا ہے، اگر تو حکومت نجکاری نہیں کرتی تو اس کا مطلب ہے بجلی اور گیس مہنگی رہے گی اگر آپ نے مصنوعی قیمتیں کم کیں تو حکومت کو خسارہ ہوگا جس کو پورا کرنے کے لیے نوٹ چھاپنے پڑتے ہیں اور پھر مہنگائی ہوتی ہے، ہم امیر لوگوں سبسڈی دے رہے ہوتے ہیں اور غریب لوگوں پر مہنگائی کا بوجھ ڈال رہے ہوتے ہیں

بقیہ 9

پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کی فردا فردا کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موثر پیٹرولنگ کے نظام کو یقینی بنایا جائے، تھانہ جات کی صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بہتر بنایا جائے، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، زیر تفتیش مقدمات میں ملزمان کی گرفتاری اور برآمدگی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، مقدمات کے چالان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سروس ڈیلیوری اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 10

راؤنڈ پیر 26 فروری سے شروع ہو رہا ہے جو یکم مارچ تک جاری رہے گا اور اس کے دوران ضلع چکوال و تلہ گنگ میں پانچ سال تک عمر کے 257229 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے لئے حفاظتی ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اس راؤنڈ میں بچوں کو وٹامن اے کے کیپسولز بھی دیئے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس امر کی ہدایت کی کہ سخت محنت و کاوش سے کام کرتے ہوئے بچوں کی حفاظتی ویکسی نیشن کے مقررہ اہداف کی سو فیصد تکمیل یقینی بنائی جائے تاکہ ضلع چکوال و تلہ گنگ کے طول و عرض میں پانچ سال تک عمر کا کوئی بچہ انسداد پولیو ویکسین کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بچوں کی حفاظتی ویکسی نیشن کے تمام تر عمل کی ہمہ وقتی مانیٹرنگ کر کے ویکسی نیشن سٹاف کی کارکردگی کو اچانک چیک کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے بچوں کے والدین کو بھی تاکید کی کہ وہ کامل احساس ذمہ داری کا ثبوت دیتے ہوئے محکمہ صحت کی ٹیموں کو بھرپور تعاون فراہم کر کے اپنے پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے خلاف مدافعتی ویکسین کے قطرے پلوانے کو یقینی بنائیں تاکہ ان کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 11

30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ 12

آشنا کے گھر گئی تو وہاں اس کے دیگر 3، 4 دوست بھی موجود تھے، مبینہ اجتماعی زیادتی کے بعد خاتون کی حالت اچانک غیر ہوگئی جس پر ملزمان نے گھبرا کر 1122 پر رابطہ کیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق خاتون کا گلا زخمی تھا اور بازوں پر سوجن بھی، تاہم بلڈ پریشر کم ہو جانے سے اس کی حالت غیر ہوئی، موقعہ پر پہنچنے والی ریسکیو ٹیم نے حالت کی نزاکت کو جانچتے ہوئے فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔ تھانہ صدر پولیس کی ٹیم بھی موقع پر پہنچ گئی۔ خاتون کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 13

برآمد کی گئی ہیں، تمام سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہتے ہوئے خود کریک ڈاؤن کی نگرانی کریں گے، پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے تھانوں کی موبائل اور ڈولفن فورس بھی خصوصی گشت کے فرائض سرانجام دیں گی، شہر کے مختلف مقامات پر اونچی عمارتوں کی چھتوں سے مانیٹرنگ کی جائے گی، ایریا سرویلنس کے لیے ڈرون کیمرہ اور جدید ٹیکنیکل ذرائع بھی بروئے کار لائے جائیں گے، شہریوں کی آگاہی کے لیے آگاہی واکس کا انعقاد اور بینرز بھی آویزاں کیے گئے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے مساجد میں اعلانات کروائے جا رہے ہیں، جن عمارتوں کی چھتیں پتنگ بازی کیلئے استعمال ہوں گی ان کے مالکان کے خلاف کارروائی کی جائے، پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ شہریوں سے التماس ہے کہ پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی حوصلہ شکنی کریں، پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی اطلاع ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر دیں۔

بقیہ 14

گھروں و مارکیٹوں کے اوپر سے تاریں گزرنے کی تھیں جس پر ذاکر حسین نے متعلقہ ملازمین کو فی الفور رپورٹ کرنے کا حکم دیا، جبکہ حبیب چوک نادرا دفتر پلازہ میں ٹرانسفارمر کی تنصیب کے حوالے سے تاخیر کا نوٹس لیتے ہوئے فوری تنصیب کے احکامات جاری کئے، بھائی خان میں ٹرانسفارمر کی تنصیب میں تاخیر پر بھی نوٹس لیتے ہوئے کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ کو ہدایات دیں، میڈیا سے گفتگو میں ذاکر حسین سپرنٹنڈنگ انجینئر کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو درپیش مسائل کی جانکاری اور ان کو موقع پر حل کرنا ہے، عوام کی جانوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور گھروں کے اوپر سے گزرنے والی تاروں کو ہٹانے کا سلسلہ جاری ہے، اس موقع پر شہریوں نے کھلی کچہری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سب ڈویژن کی سطح پر بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے یہ اچھی کاوش ہے، میڈیا نمائندگان نے کھلی کچہری کی مناسب تشہیر نہ ہونے کے متعلق ذاکر حسین ایس ای سرکل جہلم کو آگاہ کیا جس پر آئندہ کھلی کچہری کی مناسب تشہیر کیلئے ایس ڈی اوز کو ہدایات دی گئیں۔

بقیہ 15

خان چوہدری ضیافت گجر، سابق کونسلر یوسی جاتلی راجہ خرم عزیز، پیپلز پارٹی کے مقامی راہنما حاجی راشد زمان راجہ، سیکرٹری ویلفیئر دھمیال فورم پاکستان راجہ محمد ادریس، نائب صدر ندیم الرحمان شہید پریس کلب سکھو راجہ محمد ارشاد دھمیال اور آرمی کے حاضر سروس افسران سمیت قرب جوار سے سینکڑوں افراد شریک ہوئے اور لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت و درجات کی بلندی کے لیے دعائیں کیں

بقیہ 16

محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو حادثات سے محفوظ کرنے اور ٹریفک کو بلا رکاوٹ رواں دواں رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حادثات میں کمی لانے کے لئے قانون پر عمل درآمد کرانا انتہائی ضروری ہے، اس کے ساتھ ساتھ افسران اپنے ماتحت عملے کے ساتھ ہم آہنگی کو یقینی بنائیں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لئے آگاہی ٹیم مختلف اوقات میں مختلف چوکوں اور شاہراہوں پر عوام کو آگاہی فراہم کر رہی ہے، جبکہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ریڈیو ایف ایم 92.4 پر بھی شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اسلام آباد میں ٹریفک کی تازہ ترین صورت حال کے متعلق بھی شہریوں کو آگاہ کر رہی ہے۔

بقیہ 17

کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 52 گھروں، 17 گاڑیوں، 37 موٹر سائیکلوں اور 139 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ 1 گاڑی اور غیر قانونی اسلحہ و ایمونیشن جانچ پڑتال کیلئے تھانہ شہزاد ٹاؤن منتقل کیا گیا ہے۔ سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار 15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 18

کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے 6 ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے 6 موٹر سائیکل، سپیئر پارٹس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا، ملزمان کی شناخت عادل، وسیم، یٰسین، باز محمد، آفاق علی اور سعد خان کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف تھانہ کراچی کمپنی اور تھانہ کورال میں متعدد مقدمات درج ہیں، مزید تفتیش جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی،

بقیہ 19

حوالے سے بریفنگ لی۔ انہوں نے عملہ کو ہدایت کی کہ طبی شعبہ کے دونوں پروگرام غریب لوگوں کے لیے بہت بڑی سہولت ہیں زیادہ سے زیادہ مریضوں کو ان سے مستفید ہونا چاہیے۔

بقیہ 20

سے 1 پستول 9 ایم ایم معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم احمد ریاض سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم غلام عباس سے 1 پستول 30 بور، دھمیال پولیس نے ملزم غلام حسنین سے 1 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم وسیم سے 1 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم عثمان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم شہباز سے 530 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم منیر سے 540 گرام چرس، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم زبیر سے 8 لیٹر شراب، کلر سیداں پولیس نے ملزم توقیر سے 4 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 21

مجبور کر دیا متعدد غریب دیہاڑی دار طبقہ جن کی اوسط آمدن چار سے پانچ سو روپے یومیہ ہے کو تیس سے اسی ہزار روپے سے زائد کے بل موصول جوان خاندانوں کے لئے عذاب سے کم نہیں شہری گھر کا سامان اور دیگر قیمتی اشیاء فروخت کر کے بل بھرنے پر مجبور مرد و خواتین سوئی گیس دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں جبکہ عملہ کی جانب سے مناسب قسطوں کا بھی کوئی شیڈول نہیں اور بل جمع نہ ہونے پر ہزاروں روپے جرمانہ اضافہ ہو جائے گا گوجر خان کے رہائشی فروٹ کا ٹھیلہ لگانے والے نصراللہ خان جسکا پچھلے ماہ 12 ہزار بل آیا تھا اس مہینے اسکو گھر کا گیس کا بل 83 ہزار روپے موصول جسکو دیکھ کر غریب کے رونگٹے کھڑے ہوگئے غریب نے گیس دفتر کے چکر لگائے انھوں نے کہا کہ اسکا کوئی حل نہیں ہو سکتا بل جمع کروانا پڑے گا بڑی مشکل سے آڑھتیوں کے پیسے رکھا اور دیگر سے ادھار پکڑ کر رقم مینج کر کے دو اقساط کروائی تو رہتی کسر بنک والوں نے نکال دی کہ اکا یہ بل یہاں جمع نہیں ہوگا راولپنڈی جا کر جمع کرواؤ متاثرہ شہری اور دیگر نے چیف جسٹس آف پاکستان سے اس تمام تر صورتحال پر سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس ظلم سے عوام کو نجات دلوائی جائے ہم مزدور لوگ پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں پہلے ایک طرف گرمیوں میں بجلی کے بلوں کا عذاب دوسری جانب سردیوں میں محکمہ سوئی سدرن گیس نے بھی ہم پر قہر ڈھا دیا ہے ہم لوگ دو وقت کی روٹی بمشکل پوری نہیں کر پا رہے ہیں نوبت فاقہ کشی تک پہنچ چکی ہے بجلی گیس کے بھاری بھر کم بل جمع کروائیں یا بیوی بچوں کو پالیں خدارا ہمارے حال پر رحم کیا جائے اور غریب دیہاڑی دار متوسط طبقے کو ریلیف فراہم کروایا جائے

بقیہ 22

احکامات پر ایس ایس پی سیف سٹی نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ پشاور مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا۔ وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر، ای چالان سسٹم اور "پکار-15" ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں۔ وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی سلامتی، جرائم کے سد باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وفد نے آئی سی ٹی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں سے ملاقات بھی کی اور اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا۔ وفد نے اس کامیاب دورے پر آئی سی ٹی پی او اور ان کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 23

چکوال پولیس پکار ون فائیو کی اطلاع پر فوری کارروائی عمل میں لا رہی ہے جس کے نتیجے میں اندھے قتل کا سراغ انتہائی کم وقت میں لگایا جاسکا، تمام کیسز اور درج مقدمات پر شفاف اور میرٹ پر تفتیش کا عمل تیز کر دیا ہے تاکہ ہر مظلوم کے ساتھ انصاف ہو سکے جو بلاشبہ جرائم میں کمی لائے گا۔

بقیہ 24

احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 12 ہوٹلوں، 16 گاڑیوں، 43 موٹر سائیکلوں اور 77 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ پانچ مشکوک افراد، ایک گاڑی، چھ موٹر سائیکلوں اور غیر قانونی اسلحہ و ایمونیشن جانچ پڑتال کیلئے تھانہ انڈسٹریل ایریا منتقل کیا گیا ہے۔ سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 25

روڈ سیفٹی، اور دیگر ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس آگاہی ونگ نے بچوں کو روڈ سیفٹی بحفاظت ڈرائیونگ اور دوران ڈرائیونگ موبائل سننے کے خطرات، سیٹ بیلٹ کے استعمال، ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے کے خطرات، سڑک استعمال کرنے والے دیگر افراد کے حقوق کا خیال رکھنا، اور ہیڈ برج کے استعمال، زیبرا کراسنگ کا استعمال، تیز رفتاری کے خطرات اور دیگر ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی، اس موقع پر سینئر پولیس افسران نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی آگاہی ٹیم اسلام آباد کے مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں طلباء کے لئے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی لیکچرز کا اہتمام کر رہی ہے، اس کے علاوہ مختلف شاہراہوں پر بھی شہریوں کو ٹریفک قوانین کے متعلق معلومات فراہم کر رہی ہے، تقریب کے اختتام پر پرائیویٹ سکول کے اساتذہ اور دیگر شرکاء نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے اس اقدام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے آگاہی ونگ نے بچوں کے لئے اچھی ورکشاپ کا انعقاد کیا جس سے بہت سی باتیں سیکھنے کو ملیں، ایسی ورکشاپس کا انعقاد بہت ضروری ہیں، اس موقع پر آگاہی ونگ کے انچارج نے شرکاء کو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور محتاط انداز میں گاڑی چلاتے ہوئے اپنی اور دوسروں کی جان کا تحفظ یقینی بنانے کی تلقین کی۔

بقیہ 26

ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا مختلف علاقوں میں قائم شیشہ سنٹرز کے خلاف بلا تفریق قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ سنگجانی پولیس نے شیشہ سنٹرز کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لاتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے حقہ، شیشہ اور فلیور برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کی شناخت شفاعت حسین، شبیر، وقاص اور محمد طاہر کے ناموں سے ہوئی ہے، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی ضابطہ جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں قحبہ خانوں، منشیات و شراب فروشوں اور شیشہ و حقہ سنٹرز کے خلاف موثر کریک ڈاؤن عمل میں لا رہی ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا رہا ہے تاکہ ان غیر قانونی سرگرمیوں کے خاتمے کو یقینی بنایا جاسکا، وفاقی دارالحکومت کو امن کا شہر بنانے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور اپنے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع کریں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے جرائم کے خاتمے کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 27

اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم محمد عمیر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 550 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم محمد استاب کو گرفتار کر لیا، تھانہ سنبل پولیس نے ملزم حسنین حیدر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1100 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم عبدالشکور کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 457 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ نون پولیس نے ملزم طائف خان کو گرفتار اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا جبکہ غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر دو ملزمان محمد نوید اور مجاہد کو گرفتار کر لیا ہے، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم نصراللہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 720 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ کرپا پولیس نے تین ملزمان وسیم مسیح، محمد ارسلان اور صفدر حسین کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 260 گرام چرس، 110 گرام ہیروئن اور ایک عدد خنجر برآمد کر لیا، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم عدیل گل کو گرفتار کر لیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم محمد افضال کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد خنجر برآمد کر لیا،

بقیہ 28

کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 10 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم محمد قاسم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ ترنول پولیس نے ملزم آفاق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1130 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے دو ملزمان صابر اور شمعون کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول اور 20 لیٹر شراب برآمد کر لی، تھانہ شمس کالونی پولیس نے دو ملزمان نظر گل اور وطن کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کر لیے، تھانہ کرپا پولیس نے غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے پر ملزم محمد علی کو گرفتار کر لیا، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم محمد عثمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم یٰسین خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 540 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ بنی گالہ پولیس نے ملزم شیر محمد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 29

کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ 30

موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لا رہے ہیں، اس سلسلہ میں دوران پڑتال ہائی سکیورٹی زون ناکہ جات پر ٹریفک پولیس اہلکاروں نے بغیر ہیلمٹ اور غیر نمونہ نمبر پلیٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائیں۔ سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران و جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی مکمل ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں، کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی نہ برتی جائے، ہائی سکیورٹی زون میں واقع اہم سرکاری و نجی املاک کا تحفظ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے تمام شہریوں کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنایا جائے، شناختی دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے، تمام مشکوک گاڑیوں کی تلاشی لی جائے اور عوام کے ساتھ مثبت رویہ اپنایا جائے، عوام الناس سے گزارش ہے وہ ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں، اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے قریبی تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع کریں۔

بقیہ 31

کرتے ہوئے سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا ہے کہ پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے راولپنڈی پولیس کے 1500 سے زائد افسران فرائض سرانجام دیں گے، تمام سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہتے ہوئے پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کے خلاف خود کریک ڈاؤن کی نگرانی کریں، شہر کے مختلف مقامات پر اونچی عمارتوں کی چھتوں سے مانیٹرنگ کی جائے، شہریوں کی آگاہی کے لیے آگاہی واکس کا انعقاد کیا جائے اور بینرز بھی آویزاں کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے مساجد میں اعلانات کروائے جائیں جن عمارتوں کی چھتیں پتنگ بازی کیلئے استعمال ہوں گی ان کے مالکان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ سی پی او نے کہا کہ پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے تھانوں کی موبائل اور ڈولفن فورس بھی خصوصی گشت کے فرائض سرانجام دیں گی، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے تاکہ معاشرہ کو اس ناسور سے پاک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کار و موٹر سائیکل چوری اور موبائل سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے، منظم و متحرک گینگز کے خلاف موثر حکمت عملی کے تحت کارروائیاں کریں، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 32

سہولت کے لئے متعدد اقدامات پر پی آئی ٹی بی کی پوری ٹیم کی تعریف کی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پی آئی ٹی بی کی پوری ٹیم کے لئے 3 کروڑ روپے کے خصوصی انعام کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 13 ماہ میں پی آئی ٹی بی نے اپنی استعداد سے بڑھ کر ڈلیور کیا ہے اور کسی بھی ادارے کا کوئی بھی پراجیکٹ پی آئی ٹی بی کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ پی آئی ٹی بی نے ٹائم لائن کے اندر بڑے بڑے پراجیکٹس مکمل کئے ہیں۔ پی آئی ٹی بی میں رات گئے بھی کام جاری رہتا ہے اور صبح بھی، یہ ادارہ روایتی سرکاری اداروں سے یکسر مختلف ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ چیئرمین پی آئی ٹی بی فیصل یوسف کو تمام پراجیکٹس کا کریڈٹ دیتا ہوں، فیصل یوسف اور انکی پوری ٹیم شاباش کی مستحق ہے۔ عوام کو اعلانات یا بیانات سے غرض نہیں بلکہ عملی اقدامات پر ہی عوام مطمئن ہوتے ہیں۔ عوام چاہتے ہیں کہ حکومت ان کے لئے کام کر کے دکھائے اور عوام صرف سروس ڈیلیوری چاہتے ہیں۔ ہماری حکومت نے ہسپتالوں میں پی آئی ٹی بی کے تعاون سے ہاسپٹل انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم متعارف کرایا۔ پی آئی ٹی بی نے ڈرائیونگ لائسنس کے لئے صرف 2 ہفتے میں سافٹ ویئر بنایا۔ ڈرائیونگ لائسنس کے سافٹ ویئر کے لئے فیصل یوسف اور ان کی ٹیم نے دن رات محنت کی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ امریکی قونصل جنرل کو پی آئی ٹی بی کے پراجیکٹس کے بارے میں آگاہ کیا تو انہوں نے پی آئی ٹی بی کی جدت پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ پی آئی ٹی بی ایک صوبائی یا قومی سطح کا ادارہ نہیں بلکہ ایک انٹرنیشنل لیول کا ادارہ ہے اور انشاء اللہ پی آئی ٹی بی بیرون ملک سے سیف سٹی کے پراجیکٹس حاصل کرے گا۔

بقیہ 33

خاتون اول کو جیل منتقل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے مقدمے کی سماعت کی، بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل عثمان گل عدالت میں پیش ہوئے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے اپنی رپورٹ عدالت میں جمع کروادی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر بشریٰ بی بی کو جیل منتقل نہیں کر سکتے ہیں، جیل میں جگہ کم ہے، 250 خواتین پہلے ہی جیل میں قید ہیں تاہم چیف کمشنر اسلام آباد نے اس معاملے پر تا حال اپنا جواب عدالت میں جمع نہیں کروایا، سرکاری وکیل نے عدالت سے چیف کمشنر کا جواب جمع کروانے کے لیے وقت دینے کی استدعا کر دی۔ بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے استدعا منظور کرتے ہوئے سماعت دو ہفتوں تک ملتوی کر دی۔ سماعت کے بعد بشریٰ بی بی کے وکیل عثمان گل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سماعت پر عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد، جیل کے انسپکٹر جنرل اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل سے اپنی رپورٹس منگوائی تھیں، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی جانب سے رپورٹ جمع ہوگئی، چیف کمشنر اسلام آباد کے رپورٹ جمع نہیں کرائی، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی رپورٹ سے عدالت کچھ مطمئن نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں بتایا گیا 250 خواتین کی جگہ ہے، ہم نہیں رکھ سکتے اور دوسرا سکیورٹی کے مسائل ہیں، عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد کو جواب کے لیے وقت دے دیا ہے۔

بقیہ 34

بار احکامات کے باوجود لاپتہ شہریوں کا سراغ نہ لگایا جاسکتا۔ عدالت نے وفاقی سیکرٹری داخلہ اور دیگر سے رپورٹ طلب کر لی۔ عدالت نے 4 ہفتوں میں لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کے لیے ماڈرن ڈیوائسز اور جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لینے کا حکم دیدیا۔ عدالت نے ایف آئی اے سے شہریوں کی ٹریول ہسٹری بھی طلب کر لی۔ عدالت نے جے آئی ٹیز اور ٹاسک فورس کے اجلاس جاری رکھنے کا حکم دیدیا۔

بقیہ 35

وٹڈ میں واقع میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ملکیتی 23 دکانیں سر بمہر کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں معلوم ہوا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور نے کروڑوں روپے کے نادہندہ 32 کرائے داروں کو نوٹس جاری کر دیئے ہیں جس میں کہا گیا کہ وہ اپنی دکانیں سیل کروانے سے بچنے کیلئے تمام واجبات فوری ادا کر دیں، مقامی ریکوری ٹیم کی جانب سے نادہندگان کو نوٹس تقسیم کر دیئے گئے ہیں کروڑوں روپے کے نادہندگان میں علاقہ کی بااثر سیاسی، کاروباری شخصیات شامل ہیں ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک ہفتے میں واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں 32 دکانوں کو سیل کر دیا جائیگا۔

بقیہ 36

کے پہلے 6 ماہ کیلئے 15.6 فیصد، سیونگ سرٹیفکیٹ پر دوسری ششماہی کا منافع 16.6 فیصد اور ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹ پر سالانہ منافع کم کر کے 12 فیصد کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ریگولر سکیم سرٹیفکیٹ پر سالانہ منافع 15 فیصد سے کم کر کے 14.6 فیصد، بہبود سیونگ اور پینشنرز بینیفٹ اکاؤنٹ پر منافع کی سالانہ شرح 15.36 فیصد، شہدا فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ پر بھی منافع 15.36 فیصد مقرر کر دیا گیا ہے۔ نیشنل سیونگز پاکستان کے مطابق شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹ، سرو اسلامک ٹرم اکاؤنٹ پر شرح منافع میں بھی کمی کر دی گئی ہے جبکہ سیونگ اکاؤنٹ پر منافع کی موجودہ شرح 20.50 فیصد پر برقرار رکھی گئی ہے۔

بقیہ 37

نے جسٹس شاہد کریم نے لاہور کے شہری محمد اسلم کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے ندیم سرور ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے، درخواست میں وفاقی حکومت، ڈریپ سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ کابینہ نے ادویات کی قیمتیں مقرر کرنے کا اختیار ڈریپ سے لے کر فارماسوٹیکل کمپنیز کو دے دیا ہے، نگران کابینہ کے پاس یہ اختیار نہیں ہے۔ فارماسوٹیکل کمپنیز من مانے ریٹس پر ادویات فروخت کر کے عوام پر بوجھ ڈالیں گی۔ استدعا ہے لاہور ہائیکورٹ ادویات کی قیمتیں مقرر کرنے کا اختیار کمپنیز کو دینے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے اور ادویات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ بھی واپس لینے کا حکم دے۔ جس پر عدالت نے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد روکنے کا حکم دیتے ہوئے ادویات کی قیمتیں فارماسوٹیکل کمپنیز کو مقرر کرنے کا اختیار دینے کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ عدالت نے فریقین سے آئندہ سماعت پر جواب طلب کر لیا۔

بقیہ 38

، اگر انکو شرمندہ ہونا ہے اور شرم آنے کا کوئی امکان ہے تو انکے اور اپنے اعمال پہ شرمندہ ہوں۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سلائی مشینوں کی کمائی سے جائیدادیں بنانے کا دعویٰ کرنے والوں کو کیا معلوم کہ ملک معاشی وژن سے چلتا ہے، سلائی مشینوں کی کمائی سے نہیں۔

بقیہ 39

تعاون کے حوالے سے اُن کی خدمات کے اعزاز میں حکومت ترکیہ کی جانب سے ''ٹرکش آرمڈ فورسز لیجن آف میرٹ' ایوارڈ وصول کرنے کی اجازت کی منظوری دیدی۔ جمعرات کو نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے نگران حکومت کے مختصر عرصے کے دوران اپنی کابینہ اور سول سرونٹس کی ان تھک کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم ملکی معیشت کو پہلے سے بہتر حالت میں چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت کے مختصر وقت میں کابینہ نے بہترین کارکردگی دکھائی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم منتخب حکومت کے لئے ایک ایسا لائحہ عمل دے کر جا رہے ہیں جو یقینی طور پر عوام اور قومی مفاد کے لئے مفید ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نگران حکومت کے تمام فیصلوں اور پالیسی سازی میں ملکی مفاد کو ہمیشہ اولین ترجیح دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں پاکستان کے ترقی و استحکام کے لئے مل کر کام کرنا ہے۔ وفاقی کابینہ نے مختلف اداروں کی تنظیم نو، بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروبار کو سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے نگران حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کابینہ سیکرٹری نے وفاقی بیوروکریسی کی جانب سے وزیراعظم کی مدبرانہ قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک کو درپیش اہم چیلنجز میں آپ کی طرف سے ملکی مفاد میں اہم مشکل فیصلے لئے گئے جن کے دوررس نتائج نکلیں گے۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خزانہ کی سفارش پر محترمہ لبنیٰ فاروق ملک کی ڈیپوٹیشن بطور ڈائریکٹر جنرل، فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (FMU) کی مدت میں مورخہ 9 جون 2023 سے 8 جون 2024 تک توسیع دینے کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خارجہ کی سفارش پر چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر NI(M) کو پاکستان اور ترکیہ کی مسلح افواج کے مابین تعاون کے حوالے سے اُن کی خدمات کے اعزاز میں حکومت ترکیہ کی جانب سے ''ٹرکش آرمڈ فورسز لیجن آف میرٹ (Turkish Armed Forces' Legion of Merit) ایوارڈ وصول کرنے کی اجازت دے دی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی سفارش پر وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، حکومت پاکستان اور خلیفہ انٹرنیشنل ایوارڈ فار ڈیٹ پام اینڈ ایگریکلچر انوویشن، متحدہ عرب امارات کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی منظوری دیدی، اس مفاہمتی یادداشت کے تحت پہلا پاکستان انٹرنیشنل ڈیٹ پام فیسٹیول ستمبر 2024 میں منعقد کیا جائے گا جس کا مقصد پاکستان میں کھجور کی پیداوار کا فروغ ہے۔ وفاقی کابینہ نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے 2024-02-13 اور 2024-02-14 کو منعقد ہونے والے اجلاسوں میں کئے گئے فیصلوں کی توثیق کر دی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے حکومتی ملکیتی ادارہ جات (State Owned Enterprises) کے 2024-02-16 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی توثیق کر دی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے لیجسلیٹو کیسز کے 2024-02-16 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی توثیق کر دی۔

بقیہ 40

کیس میں سزا یافتہ سابق وزیراعظم و بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بنی گالا سب جیل سے اڈیالہ جیل منتقلی کی درخواست پر اڈیالہ جیل انتظامیہ نے سابق خاتون اول کو جیل منتقل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے مقدمے کی سماعت کی، بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل عثمان گل عدالت میں پیش ہوئے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے اپنی رپورٹ عدالت میں جمع کروادی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر بشریٰ بی بی کو جیل منتقل نہیں کر سکتے ہیں، جیل میں جگہ کم ہے، 250 خواتین پہلے ہی جیل میں قید ہیں تاہم چیف کمشنر اسلام آباد نے اس معاملے پر تا حال اپنا جواب عدالت میں جمع نہیں کروایا، سرکاری وکیل نے عدالت سے چیف کمشنر کا جواب جمع کروانے کے لیے وقت دینے کی استدعا کر دی۔ بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے استدعا منظور کرتے ہوئے سماعت دو ہفتوں تک ملتوی کر دی۔ سماعت کے بعد بشریٰ بی بی کے وکیل عثمان گل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سماعت پر عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد، جیل کے انسپکٹر جنرل اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل سے اپنی رپورٹس منگوائی تھیں، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی جانب سے رپورٹ جمع ہوگئی، چیف کمشنر اسلام اباد کے رپورٹ جمع نہیں کرائی، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی رپورٹ سے عدالت کچھ مطمئن نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں بتایا گیا 250 خواتین کی جگہ ہے، ہم نہیں رکھ سکتے اور دوسرا سکیورٹی کے مسائل ہیں، عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد کو جواب کے لیے وقت دے دیا ہے۔

بقیہ 41

کو ہفتے میں ایک پیریڈ ماحولیات اور پودوں کی آگاہی کا مختص کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے تحریری حکم میں کہا کہ ممبر جوڈیشل کمیشن فوری تمام اسکولز اور کالجز کو آگاہ کرے۔ تحریری حکم کے مطابق لاہور ہائیکورٹ نے پی ایس ایل میں سکیورٹی کے فنڈز سے متعلق رپورٹ طلب کرتے ہوئے حکم دیا کہ پی ایس ایل میچز سے متعلق ممبر جوڈیشل واٹر کمیشن نے رپورٹ پیش کی۔ تحریری حکم میں مزید کہا گیا کہ پی ایس ایل کے میچز کے دوران شہریوں کو زیادہ پریشانی نہیں ہوگی، پی ایس ایل میں شہریوں کے لیے ٹریفک کو مخصوص وقت کے لیے بند کیا جائے گا۔

بقیہ 42

کر گئے تھے، ان کی عمر 81 سال تھی۔ نذیر ناجی نے اردو کے سینئر کالم نگار کی حیثیت سے 27 سال سے زیادہ مقامی روزنامے میں اپنی خدمات انجام دیں، وہ پاکستان اکیڈمی آف لیٹرز کے چیئرمین بھی رہے۔

بقیہ 43

بہبود آبادی ڈاکٹر جمال ناصر تھے۔ وزیر پرائمری ہیلتھ و بہبود آبادی اپنے خطاب میں کہا ہے کہ آبادی کا ایٹم بم پھٹ چکا ہے، گزشتہ 75 سال میں کسی بھی حکومت نے بہبود آبادی کے شعبے پر توجہ نہیں دی گئی۔ نئی حکومت سے بہبود آبادی اور ماحولیات کے شعبوں پر خصوصی توجہ دینے کی سفارش کریں گے۔ علمائے کرام بہبود آبادی کے خلاف نہیں۔ سیاست دان جو کام نہیں کرسکتے اس کی ذمہ داری دوسروں پر ڈال دیتے ہیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے فیملی پلاننگ کو جائز قرار دے دیا ہے۔ وہ گزشتہ روز محکمہ بہبود آبادی پنجاب اور گرین سٹار سوشل مارکیٹنگ کے زیر اہتمام معاشرتی رویوں میں تبدیلی کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ فیملی پلاننگ میں سب سے زیادہ کردار رویوں میں تبدیلی کا ہے۔ چھوٹے خاندان کے بارے میں سماجی رویوں کی تبدیلی میں سب سے بڑی رکاوٹ خود عورت ہے۔ ساس اپنی بہو کے ساتھ وہ سلوک نہیں کرتی جو بیٹی کے ساتھ کرتی ہے۔ نو بیاہتا عورت سے بار بار بچے کی پیدائش کے بارے میں سوال کرنا نفسیاتی مسائل کا باعث بنتا ہے۔ بیٹیاں رحمت اور جنت میں جانے کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ فیملی پلاننگ کے بجٹ میں اضافہ کرنے اور اسے جدید سہولتیں مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔ کانفرنس میں ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے، ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر نائیلہ الطاف، سی ای او گرین سٹار سوشل مارکیٹنگ پاکستان سید عزیر الرب، چیف آف پارٹی ٹی سی آئی غضنفر عباس نے شرکت کی۔ افتتاحی اجلاس میں حکومت پنجاب کی طرف سے خیر مقدمی نوٹ محترمہ ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر نے پیش کیا۔ اس موقع پر حکومت کی طرف سے ایک کلیدی سیشن بھی ہوا۔

بقیہ 44

محسن نقوی نے 13 ماہ کے دوران مختلف شعبوں میں تعاون اور کرکٹ بال کے گفٹ پر امریکی قونصل جنرل کا شکریہ ادا کیا۔ امریکی قونصل جنرل نے ڈپلومیٹک انکلیو میں قونصلیٹ کے لئے اراضی کے لئے اقدامات پر وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی قیادت میں پنجاب کی ٹیم نے ڈلیور کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے امریکی قونصل جنرل کو پنجاب میں ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے خصوصی رپورٹ بھی پیش کی۔ امریکی قونصل جنرل نے ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن کے پروگرام کو سراہا اور کہا کہ لاہور میں بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کا دورہ کیا بلاشبہ یہ آپ کا اچھا اقدام ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب میں صرف 30 روز کے اندر 6 بزنس فیسلیٹیشن سنٹر آپریشنل کئے۔ بزنس فیسلیٹیشن سنٹرز پر 120 این او سیز کا اجراء صرف 15 دن میں کیا جا رہا ہے۔ انتہائی تیز رفتاری سے راولپنڈی، گوجرانوالہ اور فیصل آباد میں سیف سٹی پراجیکٹس شروع کئے گئے

بقیہ 45

دونوں کی عبوری ضمانت میں 16 مارچ تک توسیع کا حکم دے دیا۔ بانی پی ٹی آئی کی دونوں بہنوں کے خلاف تھانہ ماڈل ٹاؤن اور نصیر آباد میں مقدمات درج ہیں۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کی جانب سے تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی عبوری ضمانت عدم پیروی کی بنیاد پر خارج کر دی گئی ہے۔

بقیہ 46

پروپیگنڈے کیلئے استعمال کرنے اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے، تمام قانونی معاملات عدالتوں میں طے ہوں گے، کسی کو دین کے نام پر انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی حافظ طاہر محمود اشرفی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 19 کے تحت اظہار رائے کی آزادی لامحدود نہیں بلکہ قانون کے تابع ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 19 کے تحت عدلیہ، مسلح افواج اور برادر ممالک کے خلاف تضحیک آمیز گفتگو کی اجازت نہیں ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ کچھ لوگ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو تشدد پر اکسانے کے لئے استعمال کر رہے ہیں، یہ خلاف قانون سرگرمی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ حکومت ایسی غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم اس ذمہ داری سے سبکدوش نہیں ہو جاتے کہ ان کے پلیٹ فارمز کسی بھی ملک کے اندر امن و امان کو خراب کرنے اور لوگوں کو تشدد پر اکسانے اور نفرت انگیزی کے لئے استعمال ہوں۔

بقیہ 47

نے بتایا ہے کہ سپیشل برانچ نے کچھ عرصہ قبل باقاعدہ اپنی رپورٹ میں لاہور میں 200 شوٹرز کی موجودگی کا انکشاف کیا تھا، 11 شوٹرز پولیس مقابلوں میں مارے گئے جبکہ 13 گرفتار ہو کر جیلوں میں بند ہیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق قتل کی سب سے زیادہ وارداتیں لاہور میں رپورٹ ہوئیں، شہر میں 107 افراد کو نامعلوم افراد نے موت کے گھاٹ اتارا، 93 افراد کے ساتھ فیصل آباد دوسرے، گوجرانوالہ 66 قتل کی وارداتوں کیساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ ریکارڈ کے مطابق ملتان 66، سرگودھا 60، شیخوپورہ 46 اور گجرات میں 50 افراد قتل ہوئے جبکہ ساہیوال 34، راولپنڈی 26، بہاولپور 24 اور ڈی جی خان میں 21 افراد کو شوٹرز کے ذریعے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

بقیہ 48

مطابق جہاں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان حکومت سازی سے متعلق پاور شیئرنگ کا فارمولا مرتب کیا جا چکا ہے۔ وہیں ایم کیو ایم نے وفاقی کابینہ میں 4 وزارتوں کے لیے اصرار کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایم کیو ایم ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا عہدہ لینا چاہتی تھی لیکن مسلم لیگ (ن) پہلے ہی یہ عہدہ پیپلز پارٹی کو دے چکی تھی۔ اب ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ نہ ملنے کے باعث ایم کیو ایم کی طرف سے یہ مطالبہ سامنے آیا ہے۔ وفاقی کابینہ میں وزارتوں کے علاوہ ایم کیو ایم نے قانون سازی کے تحت بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ دوسری طرف ایم کیو ایم نے سندھ کے لیے گورنرشپ کے حوالے سے بھی مطالبات سامنے رکھے ہیں۔ ایم کیو ایم کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے پر برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ اس حوالے سے ایم کیو ایم پنجاب کے رہنما محمد زاہد نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ن لیگ نے بھی موجودہ گورنر سندھ کامران ٹیسوری کو برقرار رکھنے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 49

پیدا کرنے والوں کو روکا جائے۔ معاون خصوصی طاہر محمود اشرفی نے اپنے بیان میں کہا کہ اللہ نے قرآن میں فرمایا ہم نے ہی اس قرآن کو اتارا اور ہم ہی حفاظت کریں گے، ہمارے سپہ سالار بھی حافظ قرآن ہیں، پنجاب گورنمنٹ بھی ابہامات کو دور کرنے کیلئے ریویو پٹیشن داخل کرے، جس نے بھی کلمہ پڑھا وہ عقیدہ ختم نبوت کا چوکیدار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں نے عقیدہ ختم نبوت پر سیاست کی، عقیدہ ختم نبوت پر سیاست بہت بڑا جرم ہے، 8 فروری کو پرامن انداز میں انتخابی عمل مکمل ہوا، جب ہمارے دین کا معاملہ آئے تو ہم ایک ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اور ہماری روح آقا دو جہاں پر قربان ہے، ہمیں ہمارا دین دنیا سے بہت زیادہ عزیز ہے، قرآن کریم کے تحفظ کا ذمہ اللہ نے لیا ہوا ہے

بقیہ 50

پارلیمان کا حصہ بن کر اپنا کردار ادا کرے گی۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ ہماری بانی پی ٹی آئی عمران خان سے دوبارہ ملاقات ہوگئی ہے، بانی پی ٹی آئی کو افسوس ہے کہ عدالتی حکم کے باوجود بھی رہنماؤں کو ان سے ملنے نہیں دیا گیا۔ علی ظفر نے کہا کہ عوام کا مینڈیٹ رات کی تاریکی میں چوری کیا گیا، عوام کا مینڈیٹ چوری ہو جائے تو جمہوریت نہیں چل سکتی، عام انتخابات میں ہونے والی دھاندلی کو پوری دنیا نے دیکھا۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے نام خط جاری کریں گے جس میں آئی ایم ایف سے کہا جائے گا کہ وہ حکومت پاکستان سے کہے کہ دھاندلی والے حلقوں کا آزاد آڈٹ ٹیم کے ذریعے آڈٹ کروایا جائے، آڈٹ کے بعد حکومت سے مزید بات کی جائے۔ علی ظفر نے کہا کہ الیکشن شفاف نہ ہوئے تو کوئی اس ملک کو قرضہ نہیں دیگا، ایسی حکومت جس پر عوام کا اعتماد نہ ہو وہ مسائل حل کرنے میں ناکام رہیگی۔

بقیہ 51

میں 20 سالہ نوجوان کھمبے سے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوا۔ متوفی کی شناخت 20 سالہ عمران کے نام سے ہوئی جو کہ گوجرہ کا رہائشی تھا۔ پولیس اور فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوں پر تحقیقات شروع کر دی۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کاروائی کے بعد لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 52

زبردستی کروائی ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے حافظ حمداللہ نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سے پوچھ لیں وہ اس سیاسی شادی پر خوش نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کا پیغام واضح ہے فی الحال تو پارلیمنٹ جائیں گے، پارلیمنٹ میں بھی اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے باہر بھی سسٹم کے خلاف تحریک چلائیں گے۔ حافظ حمداللہ نے کہا کہ معاہدہ تو یہ ہونا تھا کہ بیروزگاری اور مہنگائی کا خاتمہ کیسے کریں گے، وہاں بدقسمتی سے اقتدار اور کرسیوں کی تقسیم کی بات کی جا رہی تھی، پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے پاور شیئرنگ کی، عوام کے لیے ایک لفظ نہیں تھا۔ جمعیت علمائے اسلام کے رہنما نے کہا کہ جے یو آئی (ف) اس قسم کی حکومت کا حصہ نہ بنتی ہے اور نہ بنے گی، جو حکومت انہوں نے بنائی ہے یہ صرف اقتدار کے لیے ہے، قوم کی ترقی کے لیے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں بڑی جماعتیں کل اقتدار میں نہیں تھی تو کہتی تھی کہ دھاندلی ہوئی اقتدار میں جا رہے ہیں تو کہتے ہیں دھاندلی نہیں ہے، سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے شفاف الیکشن کا ہونا ضروری تھا۔ حافظ حمداللہ نے کہا کہ الیکشن سے پہلے ہم سن رہے تھے کہ فلاں صوبہ فلاں جماعت اور وفاقی حکومت فلاں کو دی جا رہی ہے، جو ہم الیکشن سے پہلے سن رہے تھے الیکشن کے بعد وہی کچھ ہوا، صاف اور شفاف الیکشن تو ہوا ہی نہیں، اس لیے ہم تحریک چلائیں گے۔

بقیہ 53

سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ میاں اسلم اقبال کو پشاور ہائی کورٹ نے ضمانت دی پھر بھی پنجاب پولیس گرفتاری کے لیے پہنچی۔ اسد قیصر نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم کے باوجود ملاقات کرنے نہیں دی جا رہی، اس وقت بہت بڑی پیش رفت ہو رہی ہے، جو کچھ ہو رہا ہے اس پر ہمیں بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ عوام کی رائے کی توہین کر رہے ہیں، ہم چاہتے ہیں رول آف لاء ہو، آئین کی بالادستی ہو، ہمارے مختلف اتحاد ہونے جا رہے ہیں، بلوچستان اور سندھ میں جاؤں گا۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ تحریک لبیک سے بھی ملاقات کروں گا، بند کمروں میں فیصلے نہیں ہو سکتے، ہم پورا کیس تیار کر رہے ہیں، سپریم کورٹ اگر اس وقت شہری کے حقوق کے لیے کھڑی نہیں ہوگی تو بہت برا ہو گا۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ کمشنر نے جو الزامات لگائے ہیں اس کی تحقیقات ہوں، ہم توقع کرتے ہیں بیرونی دنیا نہیں بلکہ عدالت اس پر ایکشن لے، ہم چاہتے ہیں جو آئین شکنی ہو رہی ہے اس کا پوری طرح سے نوٹس لیا جائے۔

بقیہ 54

طرح چلیں گے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ نے اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2018 کے الیکشن کے بعد ہمارا یہ خیال تھا کہ 2024 کا الیکشن منصفانہ اور شفاف ہوگا لیکن ایک بار پھر ہماری خواہش، آرزو، آئین کی بالادستی اور جمہوریت کے فروغ کو جس طرح چل دیا گیا ہے تو مجھے اب فکر اس بات کی ہے کہ اگر ایک الیکشن کے بعد مسلسل دوسرا الیکشن بھی متنازع ہو تو پھر پارلیمان کی اہمیت کیا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وہ پارلیمان جس کو ہم سپریم ادارہ کہتے ہیں، جس میں عوام کے براہ راست نمائندے بیٹھتے ہیں، اگر اسٹیبلشمنٹ براہ راست مداخلت کر کے ایک ایک حلقے سے اپنی مرضی سے نمائندوں کو چنے گی تو پھر ظاہر ہے کہ وہ عوام کا نمائندہ نہیں ہوگا، ایسی پارلیمنٹ کی کیا اہمیت ہوگی جسے عوام اپنا نمائندہ تصور نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی پارلیمنٹ میں بیٹھا ہوگا کہیں نہ کہیں سے کوئی انگلی اس کی طرف انگلی اٹھے گی کہ اس کو بھی تو ایجنسیوں اور اداروں نے پاس کیا ہے، یہ بھی تو اداروں کا بندہ ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ انہوں نے جس کو مخالف دیکھا اس کے خلاف کرپشن کے کیس کر دیئے ہیں، دعوے سے کہتا ہوں کہ اس الیکشن میں ہماری اسٹیبلشمنٹ نے پاکستان کی 75 سالہ تاریخ کے کرپشن کے ریکارڈ توڑ دیے، شرم آنی چاہیے ان لوگوں کو، وردیاں عزت نہیں دیا کرتیں بلکہ وردی کے اندر کردار کی عزت ہوتی ہے

بقیہ 55

افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے انتظامی افسران کو زخمیوں کی مکمل دیکھ بھال کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے غفلت کے ذمہ دار ڈرائیور کے خلاف قانونی کارروائی کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 56

تمام صوبائی وزراء، مشیران، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور تمام سیکرٹریز شرکت کریں گے۔

بقیہ 57

خصوصی عدالت نے یاسین ملک کو انہی فرضی مقدمات میں عمر قید کی سزا سنائی اور اب نریندر مودی کی حکومت سیاسی انتقام کی اپنی پالیسی کے تحت موت کی سزا سنانی ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ یاسین ملک کی صحت کی مسلسل خرابی اور ان کی زندگی کو لاحق خطرات کے باوجود قید تنہائی میں رکھ کر بنیادی طبی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ یاسین ملک کے وکیل کو بھی ان سے ملنے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ انہوں نے کہا کہ یاسین ملک کو توڑنے کے لئے تمام ریاستی جبر کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ تاہم ان تمام ریاستی دہشت گردی اور فاشسٹ اور غیر انسانی کارروائیوں کے باوجود وہ اپنے اصولی موقف سے ایک انچ بھی نہیں ہٹے۔ مشعال ملک نے کہا کہ اقوام متحدہ کے اداروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو اس باشعور قیدی کے لیے آواز اٹھانی چاہیے، جسے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے اپنے لوگوں کے لیے پیدائشی حق حاصل کرنے کے واحد جرم میں غیر قانونی طور پر قید کیا گیا ہے۔ انہوں نے یاسین ملک سمیت تمام کشمیری قیدیوں کو ان کے عزم اور قربانیوں پر سلام پیش کرتے ہوئے انہیں قوم کے حقیقی ہیرو قرار دیا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ کنن پوش پورہ کا المناک واقعہ دنیا کی نام نہاد سب سے بڑی جمہوریت کے چہرے پر ایک بڑا دھبہ بن کر رہے گا۔ مشعال ملک نے ضلع کپواڑہ کے گاؤں کنن پوشپورہ میں ہونے والے اس واقعے کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 23 فروری 1991 کو بھارتی فورسز نے علاقے میں تلاشی کے دوران ایک نوجوان لڑکی کو قتل کیا تھا اور 86 سالہ خاتون سمیت درجنوں خواتین کی سرعام تذلیل کی گئی تھی۔ مشعال ملک نے کہا کہ اس واقعے کے 33 سال گزرنے کے باوجود مظلوموں کو انصاف نہیں مل رہا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد بھارتی ریاست عصمت دری کو کشمیریوں کے خلاف جنگ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ بھارتی حکام کی جانب سے کشمیری خواتین کو تحریک آزادی کی منصفانہ جدوجہد سے دور رکھنے کے لیے ایک سوچی سمجھی سازش تھی۔ مشعال ملک نے کہا کہ کنن پوشپورہ کا ہولناک واقعہ ہندوستان کے چہرے پر ایک گہرا اور انمٹ داغ اور عالمی ضمیر کے لیے کھلا چیلنج ہے۔ انہوں نے اس المناک واقعے کی بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا تاکہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔

پنڈ دادنخان تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اپریشن تھیٹر فعال

گائنی سپیشلسٹ کے بعد ای این ٹی سپیشلسٹ اور جنرل سرجن کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر اپریشنوں کا سلسلہ جاری

پنجاب کے تمام تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں انتھیسز یا ڈاکٹروں کی تعیناتی کے لیے نئی بھرتیاں کی جائیں عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں زچہ بچہ اپریشن کے بعد ای این ٹی اپریشن اور جنرل اپریشن کا سلسلہ جاری ہو گیا مقامی طور پر گزشتہ ایک ہفتے کے دوران تقریبا 19 کے قریب اپریشن کیے گئے اپریشن تھیٹر کی بحالی سے عوام میں خوشی کی لہر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنڈ دادنخان کا اپریشن تھیٹر فعال ہونے پر تحصیل کی عوام کا اظہار تشکر کرتے ہوئے وزیر پنجاب سے مطالبہ ھے کہ پنجاب کے تمام تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں (انتھیسزیا) بے ہوشی کے ڈاکٹروں کی نئی بھرتیاں کی جائیں تاکہ لوگ مقامی طور پر اس سے فوائد حاصل کر سکیں جس سے مریضوں کی بیرون شہروں کو منتقلی اور بیرون شہروں سے آنے والے بے ہوشی کے ڈاکٹر کے ٹی اے ڈی اے کے (بقیہ نمبر 1)

سول ہسپتال میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی کا عزم

ڈپٹی کمشنر جہلم نے جدید ترین آپریشن تھیٹر کا افتتاح کر دیا

جہلم (این این آئی) سول ہسپتال میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی کا عزم، ڈی سی جہلم نے جدید ترین آپریشن تھیٹر کا افتتاح کر دیا، آپریشن تھیٹر میں جدید مشینری دستیاب ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق سول ہسپتال میں جدید ترین مشینری سے آراستہ آپریشن تھیٹر کا افتتاح ڈی سی جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کر دیا۔ آپریشن تھیٹر کی بلڈنگ (بقیہ نمبر 2)

مظفرآباد، محکمہ جنگلات کے بیلداران فراغت کے خلاف احتجاجی دھرنا دیئے بیٹھے ہیں

سول لائنز پولیس کا مریڑ حسن و گردونواح میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں کرایہ داری کوائف اور افراد کے کوائف چیک کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے مریڑ حسن اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کرایہ داری کوائف اور افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے مریڑ حسن اور (بقیہ نمبر 5)

ایس پی پوٹھوہار کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے شہریوں کے مسائل سن (بقیہ نمبر 6)

ہم شکل پیغمبر شہزادہ علی اکبر علیہ السلام کے جشن ظہور پرنور پر تقریب

ڈگری (رپورٹ عاصم آرائیں) ڈگری میں 11 شعبان جشنِ ظہورِ پُرنور ہم شکلِ پیغمبر شہزادہ علی اکبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے موقع پر محلہ محمد شاہ جیلانی میں بابر عمرانی، کاشف عمرانی کی رہائش گاہ پر پروگرام منعقد کیا گیا جس میں منقبت خواں استاد محمد رفیق قمبرانی، کاظم خاصخیلی، سجاد قمبرانی نے کی جس میں ظہور باسعادت 11 شعبان جشنِ ظہورِ پُرنور ہم شکلِ پیغمبر شہزادہ علی اکبر (بقیہ نمبر 3)

جہلم، جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 10 سال قید اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانہ کی سزا

جہلم (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج سوہاوہ نے منشیات کے مقدمہ نمبر 32/23 بجرم CNSA-9(1)6-C تھانہ ڈومیلی کا فیصلہ سنا دیا، مجرم کو 10 سال قید اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم محمد الیاس نے منشیات فروشی کے جرم کا ارتکاب کیا تھا جس پر مجرم محمد الیاس کو (بقیہ نمبر 4)

جہلم میں پانچ روزہ پولیو مہم 26 فروری کو شروع ہو گی

جہلم (این این آئی) ملک بھر کی طرح جہلم سے پولیو جیسی خطرناک بیماری کو ختم کرنے کیلئے محکمہ صحت کے زیر انتظام پانچ روزہ پولیو مہم 26 فروری تا یکم مارچ تک ہو گی جس میں ضلع بھر میں 2 لاکھ 21 ہزار 85 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ محکمہ صحت کے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق 1094 موبائل ٹیمیں مقرر کر دی گئی ہیں (بقیہ نمبر 7)


اسلام آباد، مارگلہ کے پہاڑوں پر چھائے بادل خوبصورت منظر پیش کر رہے ہیں

شاہد خاقان عباسی پارٹی نہ چھوڑتے تو مریم نواز انہیں نکال دیتیں، مفتاح اسماعیل

میری اور عباسی کی سوچ ایک ہے، محمد زبیر ہمارے گروپ میں نہیں، نئی حکومت کو سب سے پہلے تو آئی ایم ایف کے پاس جانا ہو گا

،کچھ شعبوں پر ٹیکس لگانا ہو گا، نجکاری کو تیز کرنا ہو گا، اگر تو حکومت نجکاری نہیں کرتی تو بجلی اور گیس مہنگی رہے گی، سابق وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ اگر سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی پارٹی نہیں چھوڑتے تو مریم نواز انہیں نکال باہر کرتیں، میری اور عباسی کی سوچ ایک ہے، محمد زبیر ہمارے گروپ میں نہیں، نئی حکومت کو سب سے پہلے تو آئی ایم ایف کے پاس جانا ہو گا، کچھ شعبوں پر ٹیکس لگانا ہو گا، نجکاری کو تیز کرنا ہو گا، اگر تو حکومت نجکاری نہیں کرتی تو بجلی اور گیس مہنگی (بقیہ نمبر 8)

ڈی پی او جہلم کی زیر صدارت سٹی سرکل اور صدر سرکل کی کرائم میٹنگ

ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کی فردا فردا کارکردگی کا جائزہ لیا

جہلم (این این آئی) ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کی زیر صدارت ڈی پی او آفس جہلم میں سٹی سرکل اور صدر سرکل کی کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ایس پی انویسٹی گیشن جہلم محمد حسیب راجہ، ایس ڈی پی او سٹی، ایس ڈی پی او صدر اور ایس ایچ اوز سرکل ہذا اور تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ ڈی پی او جہلم نے انسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 9)

پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ یقینی بنانا قومی فریضہ ہے

تمام بچوں کو پولیو کے خلاف مدافعتی ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں، ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کہا ہے کہ نونہالان قوم کو محفوظ مستقبل دینے کیلئے پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ یقینی بنانا قومی فریضہ ہے جس کی اولین ترجیح کے طور پر تکمیل ہر شہری خصوصاً بچوں کے والدین کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے یہ بات ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں انسداد پولیو کی قومی مہم کے آئندہ راؤنڈ کیلئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے مرتب کیے گئے ویکسی نیشن پلان کا جائزہ لیا گیا۔ یاد رہے کہ پولیو کے خلاف سال 2024ء کا یہ دوسر (بقیہ نمبر 10)

پتنگ بازی و ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے موثر انتظامات

راولپنڈی پولیس کے 1500 سے زائد افسران فرائض سرانجام دیں گے

راولپنڈی (این این آئی) پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر انتظامات کئے گئے، پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کے انسداد کیلئے 1500 سے زائد افسران فرائض سرانجام دیں گے، رواں سال کے دوران 450 سے زائد ملزمان کو گرفتار کر کے 65 ہزار سے زائد پتنگیں اور 900 سے زائد ڈوریں (بقیہ نمبر 13)

جہلم، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 2 ملزمان گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد

جہلم (این این آئی) جہلم پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چوٹالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اظہر سلیمان کو گرفتار کر کے بندوق 12 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، منگلا کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد اویس کو گرفتار کر کے پسٹل (بقیہ نمبر 11)

چکوال، شادی شدہ خاتون کیساتھ اجتماعی زیادتی کا واقعہ

چکوال (این این آئی) تھانہ صدر کی حدود محلہ جہانگیر ٹاؤن میں شادی شدہ خاتون کے ساتھ اجتماعی زیادتی کا واقعہ، خاتون کو بیہوشی کی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق (الف) نامی خاتون سکنہ سدوال کے اپنے بوائے فرینڈ سے پرانے مراسم قائم تھے، واقعہ اس وقت پیش آیا جب سدوال سے تعلق رکھنے والی خاتون کو اسکے آشنا نے اسے اپنے گھر جہانگیر ٹاؤن بلایا، خاتون جب اپنے (بقیہ نمبر 12)



راولپنڈی، ورلڈ پیس جرگہ پروگرام کے چیئرمین رعایت اللہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سپرنٹنڈنگ انجینئر سرکل جہلم کی کھلی کچہری، عوامی شکایات سنیں

کھلی کچہری کا مقصد عوام کو درپیش مسائل کی جانکاری اور اس کو موقع پر حل کرنا ہے، ذاکر حسین

گوجرخان (قمر شہزاد) سپرنٹنڈنگ انجینئر آئیسکو آپریشن سرکل جہلم ذاکر حسین نے سب ڈویژن بھڈانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا ان کے ہمراہ ایکسین گوجرخان بھی کچہری میں موجود تھے، کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات سے ذاکر حسین کو آگاہ کیا جن کے ازالے کیلئے موقع پر احکامات جاری کئے گئے، سب سے زیادہ شکایات (بقیہ نمبر 14)

سابق جنرل کونسلر یوسی پنجگراں کلاں راجہ سہیل اکرام کے سسر سپرد خاک

نماز جنازہ میں سیاسی سماجی کاروباری و دیگر مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی

گوجرخان (قمر شہزاد) یونین کونسل پنجگراں کلاں کے سابق جنرل کونسلر راجہ سہیل اکرام کے سسر محمد بنارس مرحوم کی نماز جنازہ پنجگراں کلاں میں انکے آباء قبرستان میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں پیپلز پارٹی کے سابق امیدوار برائے ایم پی اے چوہدری سرفراز خان، پی ٹی آئی کے سابق امیدوار صوبائی اسمبلی راجہ منیر احمد، صدر کسان ونگ تحصیل گوجر (بقیہ نمبر 15)

قصور، ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی اپنی اہلیہ کے ہمراہ ڈی پی ایس میں لوک میلے کا افتتاح کر رہے ہیں

محکمانہ سزا و جزاء کا عمل جاری رہے گا، سی ٹی او اسلام آباد

حادثات میں کمی لانے کے لئے قانون پر عمل درآمد کرانا انتہائی ضروری ہے

ٹریفک افسران و جوانوں کو اچھی کارکردگی کی بنیاد پر نقد انعامات و تعریفی اسناد سے نوازا

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے ٹریفک افسران و جوانوں کو اچھی کارکردگی کی بنیاد پر نقد انعامات و تعریفی اسناد سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے احکامات کی روشنی میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے 24 ٹریفک افسران و جوانوں میں نقد انعام اور تعریفی اسناد تقسیم کیے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے کہا کہ محکمانہ سزا و جزاء کا عمل جاری رہے گا، اچھی کارکردگی کو سراہا جائے گا جبکہ ناقص اور غیر تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران و جوانوں کے خلاف سخت (بقیہ نمبر 16)

سی ٹی ڈی اسلام آباد کا تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقوں میں سرچ آپریشن

52 گھروں، 17 گاڑیوں، 37 موٹر سائیکلوں اور 139 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن کے دوران 52 گھروں، 17 گاڑیوں، 37 موٹر سائیکلوں اور 139 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد (بقیہ نمبر 17)

مظفرآباد، ڈائریکٹر لائیوسٹاک توسیع ڈاکٹر احسان اللہ میر و دیگر کا ملازمین کے ہمراہ گروپ فوٹو

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے 6 ارکان گرفتار

لاکھوں روپے مالیت کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل، سپیئر پارٹس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد راہزنی اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے 6 ارکان کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل، سپیئر پارٹس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق (بقیہ نمبر 18)

تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت چیمہ انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

جہلم، صحت سہولت پروگرام کو بہتر بنانے کی ضرورت

عام آدمی کو علاج کی بہتر سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں، ڈپٹی کمشنر جہلم

جہلم (این این آئی) ضلع جہلم میں صرف صحت سہولت پروگرام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے جس سے عام آدمی کو علاج کی بہتر سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے سول ہسپتال میں انتظامیہ کے ساتھ میٹنگ میں کہی۔ انہوں نے صحت سہولت پروگرام اور یونیورسل ہیلتھ انشورنس کے تحت مریضوں کو اب تک فراہم کی گئی ادویات و طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور ایم ایس سول ہسپتال سے اس (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی پولیس نے 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرلیا گیا

قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن، چرس اور شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے ملزم فیاض سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم حبیب (بقیہ نمبر 20)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سوئی گیس نے واپڈا کو بھی مات دے دی صارفین کو 30 سے 80 ہزار کے بل موصول

ٹھیلہ لگانے والے نصر اللہ خان کا گھر کا 83 ہزار بل ادھار لیکر دو اقساط کروائیں مقامی بنک نے بل جمع کرنے کے بجائے راولپنڈی بھیج دیا

متاثرہ شہری سمیت دیگر شہریوں کا چیف جسٹس آف پاکستان سے گیس کے غیر مساوی بھاری بھرکم بلوں پر نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) سوئی گیس کے بلوں نے غریب اور متوسط طبقے کی چیخیں نکلوا دیں ملک بھر کی طرح گوجرخان اور گردونواح میں سوئی گیس کے موصول ہونے والے بھاری بھرکم غیر مساوی بلوں نے دیہاڑی دار متوسط طبقے کے اوسان خطا کر دیئے نئے من پسند فارمولوں کی مدد سے چند سو روپے کے بل کئی ہزاروں روپے میں تبدیل کر کے حکمرانوں نے عوام کو اپنا مستقبل سوچنے پر (بقیہ نمبر 21)

گیس بلوں میں بے تحاشا اضافہ پر صارفین اظہار خیال کر رہے ہیں

شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر اکبر ناصر

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ پشاور مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس شرکاء وفد کا سیف سٹی کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ پشاور مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے وفد نے سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کیا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں مکمل آگاہ کیا گیا، وفد نے آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں سے ملاقات کی اور اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی (بقیہ نمبر 22)

تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

12 ہوٹلوں، 16 گاڑیوں، 43 موٹر سائیکلوں اور 77 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن کے دوران 12 ہوٹلوں، 16 گاڑیوں، 43 موٹر سائیکلوں اور 77 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی (بقیہ نمبر 24)

ڈی پی او چکوال کا کمسن بچی کے اندھے قتل کا سراغ لگانیوالی ٹیم کو نقد انعام

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود نے تھانہ ڈوہمن کے علاقہ میں کمسن بچی کے اندھے قتل کا سراغ لگانے والی ٹیم کو نقد انعام اور سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او چکوال نے ایس ایچ او تھانہ ڈوہمن سمیت پوری ٹیم کو ایک ہفتہ کے اندر انتہائی قلیل وقت میں اندھے قتل کا سراغ لگانے پر حوصلہ افزائی کی۔ ڈی پی او چکوال نے قتل کا سراغ لگانے کیلئے ایک اسپیشل ٹیم تشکیل دی تھی جس نے نہ صرف قتل کا سراغ لگایا بلکہ ملزم کو گرفتار کر کے آلہ قتل درانتی بھی برآمد کر لیا۔ ڈی پی او چکوال نے احسن کارروائی پر تھانہ ڈوہمن کی ٹیم کو نقد انعام اور سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ اس موقع پر ڈی پی او نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 23)

بچوں کیلئے ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد

ورکشاپ میں 50 سے زائد بچوں کی شرکت، روڈ سیفٹی اور محتاط ڈرائیونگ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کیپیٹل پولیس آگاہی ونگ کی جانب سے ٹریفک دفتر میں ایلیٹ سکول کے بچوں کیلئے ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ میں 50 سے زائد بچوں نے شرکت کی جنہیں روڈ سیفٹی اور محتاط ڈرائیونگ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کی خصوصی ہدایت پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جانب سے ٹریفک دفتر میں ایلیٹ سکول کے بچوں کے لئے ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 50 سے زائد بچوں نے شرکت کی، بچوں کو (بقیہ نمبر 25)

سیکرٹری سپورٹس تہذیب النساء سے چوہدری فرید احمد چیئرمین نیوٹا ملک شوکت حیات خان ڈائریکٹر سپورٹس ملاقات کر رہے ہیں

شیشہ سنٹرز کیخلاف کارروائی، چار ملزمان سے حقہ، شیشہ اور فلیور برآمد

گرفتار ملزمان کی شناخت شفاعت حسین، شبیر، وقاص اور محمد طاہر کے ناموں سے ہوئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سنگجانی پولیس نے شیشہ سنٹرز کیخلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کر کے حقہ، شیشہ اور فلیور برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر (بقیہ نمبر 26)

10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

ملزم محمد قاسم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق (بقیہ نمبر 28)

19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران (بقیہ نمبر 27)

3 ملزمان سے اڑھائی کلو سے زائد چرس اور 88 بوتل شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے اڑھائی کلو سے زائد چرس اور 88 بوتل شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ملزم اسد اللہ سے 1 کلو 300 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم فرحان سے 1 کلو 420 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے ملزم بلال عباسی سے 88 بوتل شراب برآمد کر (بقیہ نمبر 29)

وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم کو وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کو وارننگ جاری

سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے انسداد پتنگ بازی اور جرائم کی روک تھام بارے ضروری ہدایات دیں

پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے راولپنڈی پولیس کے 1500 سے زائد افسران فرائض سرانجام دیں گے، سی پی او

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر، ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ڈویژنل ایس پیز، ایس پی سی آئی اے، ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم، ڈی ایس پی سیکورٹی، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، سی پی او سید خالد ہمدانی نے انسداد پتنگ بازی اور جرائم کی روک تھام کے حوالے سے ضروری ہدایات دیں۔ اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد پولیس شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے مصروف عمل

بغیر ہیلمٹ و غیر نمونہ نمبر پلیٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کارروائی کا عمل جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس ہائی سکیورٹی زون کے ناکہ جات پر بغیر ہیلمٹ اور غیر نمونہ نمبر پلیٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی کا عمل جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس ہائی سکیورٹی زون میں داخل ہونے والے شہریوں کے کوائف کے اندراج، شناختی دستاویزات کی جانچ اور موثر تلاشی کے ساتھ ہیلمٹ کی پابندی اور غیر نمونہ نمبر پلیٹ (بقیہ نمبر 30)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com